
اصلی
سلیمانی
جادو
طلسماتی دنیا کی حیرت انگیز کتاب


اصلی
سلیمانی
جادو
طلسماتی دُنیا کی حیرت انگیز کتاب

ٹوپی حاصل کرنے کا قاعدہ

ٹوپی کا نام طلسماتی ٹوپی یا سلیمانی بھی ہے - اس ٹوپی
کو جو شخص اپنے سر پر پہن لے - اسے دوسرا شخص ہرگز نہیں
دیکھ سکتا - مگر وہ سب کو دیکھ سکتا ہے - بڑے معجزہ کی
چیز ہے - مجلس میں بیٹھے ہوئے اگر عامل اس کو پہن لے گا - تو
فوراً سب کی نظروں سے غائب ہو جائے گا - دوسرے لوگ
دیکھ کر حیران رہ جائیں گے - کہ فلاں شخص ابھی ابھی ہمارے
پاس بیٹھا ہوا تھا - اور ابھی ہمارے دیکھتے ہی دیکھتے کہاں
غائب ہو گیا - سب لوگ محو حیرت ہو جائیں گے - مگر پھر
جس دم وہ ٹوپی سر سے اتارے گا - تو سب کو نظر آ جاویگا -
لوگ اسے کوئی چھلاوہ سمجھیں گے نہایت ہی حیرانی کی
معجزہ ہے - اس ٹوپی کے حاصل کرنے کا طریقہ
یہ ہے :-

جس وقت کوئی شخص مر جاوے تو اس کے رشتہ دار
اسے جلانے کے لئے جب شمشان کی طرف چلے گئیں -

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

تو عامل کو چاہیئے کہ ان کے ساتھ ساتھ چل پڑے۔ جب وہ مرگھٹ کے پاس جاکر مُردے کو نہلانے لگیں۔ تو ایک طرف کھڑا ہو جاوے جب وہ مُردے کو نہلا کر بعد میں گھڑا توڑیں تو دیکھتا رہے کہ اس گھڑے کا گلا تو نہیں ٹوٹا اگر اس کا گلا ثابت رہ جائے تو جس وقت مُردے کے رشتہ دار مُردے کو اٹھا کر شمشان بھومی میں لے جاویں۔ تو عامل کو چاہیئے کہ ان کے چلے جانے کے بعد اس گلے کو اٹھا کر گھر پر آجاوے۔ اگر گھڑے کا گلا ٹوٹ گیا ہے تو خالی ہاتھ واپس آجاوے اور پھر کسی دوسرے موقع کا منتظر رہے اور اگر ثابت مل جائے تو اسے گھر پر لے آوے۔ مگر اس بات کا خاص خیال رکھے رستے میں کسی سے بات چیت بالکل نہ کرتے پاوے۔ خواہ کوئی کتنا بلاوے۔ مگر وہ چپ چاپ اپنے رستے چلتا جاوے اور سیدھا اپنے مکان پر آکر کسی سرخ رنگ کے کورے کپڑے میں اس سر کو لپیٹ کر رکھ دیوے بعد میں اسی روز یا اس کے دوسرے روز جنگل جاکر ایک اُلو کو پکڑ لاوے پھر اس اُلو اور گھڑے کو لے کر

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

اور ایک سیر پختہ چنے بھونے ہوئے ساتھ لے کر باہر
کسی ایسی جگہ پر چلا جاوے۔ جہاں مال مویشی گھاس
وغیرہ چرا کرتے ہیں۔ ایسی چراگاہ میں شام کے وقت
جاوے اور خیال رکھے کہ مویشی جتنا میں گائیں زیادہ
ان کو دیکھے جب وہ گائیں گھاس وغیرہ چگ کر
شام کو اپنے گھروں کو آنے لگیں تو اس گھڑے کے
گلے کو اپنی داہنی آنکھ پر بطور عینک لگا کر ان گئووں
کی طرف دیکھتا رہے۔ جب اس طرح ٹکٹکی باندھ کر ان
گئووں کو متواتر چند منٹ تک دیکھے گا۔ تو اس کو ان گئووں
میں سے کسی ایک گائے کے دونوں سینگوں کے درمیان
ایک بھوت سا بیٹھا ہوا دکھائی دے گا۔ جس کی شکل
بالکل چھوٹی سی ہوگی۔ اور اسے اگر بہ نظر غور دیکھے گا۔ تو
دکھائی دے سکے گا۔ مگر دوسرے آدمی کو خواہ وہ کتنا ہی
نزدیک تر ہو کر کیوں نہ کھڑا ہو۔ ہرگز نظر نہ آ سکے جب
وہ بھوت والی گائے اس کے بالکل نزدیک آ جاوے
تو عامل کو چاہیئے کہ فوراً کود کر اس گائے کے سینگوں کو
پکڑ لے اور اپنے دونوں ہاتھ ڈال کر اس بھوت کے سر سے

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

ٹوپی اتارے - جب وہ اس بھوت کے سر سے ٹوپی لیگا - تو وہ بھوت دوڑ کر اس سے ٹوپی چھیننے کے لئے آوے گا - عامل کو چاہیے - کہ اس بھوت کو اپنے نزدیک آنے سے پہلے ہی جلدی سے ان پکھتے ہوئے چنوں کو زمین پر بکھیر دیوے - یہ بھی ایک چال ہے - جب وہ چنے زمین پر بکھیر دے گا - تو اس بھوت کو ٹوپی کا خیال جاتا رہے گا اور وہ فوراً ان بکھرے ہوئے چنوں کو چننا شروع کر دے گا - کیونکہ ان کو عموماً بھوک زیادہ لگا کرتی ہے اور یہ اس بات کے متلاشی ہوتے ہیں - کہ کوئی ان کو کچھ کھانے کو دے - عامل لوگ عام طور پر ان کے ساتھ جب ان کو اپنے قابو میں لاتے ہیں تو پہلے وعدہ کر لیتے ہیں کہ تجھے کھانے کے لئے اتنی خوراک دی جاوے گی - تاکہ بعد میں زیادہ خوراک کے لئے مطالبہ نہ کرے - بعض اوقات یہ لوگ اگر بھوکے رہیں تو اپنے مالک کو بھی تنگ کرنے سے گریز نہیں کرتے بعض بعض تو اتنے ظالم ہوتے ہیں کہ موقعہ ملنے پر عامل جان سے بھی ہلاک کر دیتے ہیں - اس لئے

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

عامل کو چاہیئے کہ اس کے کھاتے کے واسطے چنے جلدی
سے زمین پر پھینک دیوے تاکہ وہ ٹوپی کا خیال چھوڑ کر
چنے ہی چننے میں مشغول ہو جاوے ۔ اور تم اپنے گھر کو
چل پڑو ۔ اگر وہ جلدی سے چن کر پھر تم سے ٹوپی چھیننے
کے لئے تمہاری طرف دوڑے تو تم کو چاہیئے کہ اس کے
تمہارے نزدیک آنے سے پیشتر ہی اس اُلو کو جو تم اپنے
ساتھ لائے تھے اس کے پاس جاوے گا ۔ تو وہ
فوراً ہی تمہارا پیچھا چھوڑ کر اُلٹے پاؤں دوڑ جاوے گا
پھر تمہارے نزدیک تک نہ آ سکے گا ۔ بس اب
وہ ٹوپی تمہارا مال ہے ۔ اس کو گھر پر لے آؤ ۔ اور
بوقت ضرورت اس کو اپنے سر پر پہنو تو تم سب
کو دیکھ سکو گے مگر تم کو کوئی نہ دیکھ سکے گا نہایت
ہی اعلیٰ قسم کی کراماتی ٹوپی ہے ۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

مصر کی کراماتیں

بغیر تعلیم حاصل کئے علم سیکھنا

اگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ بغیر استاد کے تعلیم حاصل کرنے کے ہم کو علم آجاوے تو آپ کو چاہئے۔ کہ جس روز ستارہ عطارد (بدھ) جوزا برج کے چھٹے درجہ پر آوے۔ تو اس دن تجھ اعلیٰ کے بیج یا اگر برج سنبلہ کے تیسرے درجہ پر آجاوے تو پھر زعفران شکر اور لعناں لیوے اور اگر اکیسویں درجہ پر ہو۔ تو پھر رائی کے بیج لے۔ اگر ستارہ عطارد و برج عقرب کے ناتویں درجہ پر آیا ہو۔ تو گلاب کے خشک پھولوں کا شگوفہ لے لیوے۔ اور اگر یہ ستارہ قوس برج کے درجہ تیس پر آگیا ہوا ہو۔ تو انگور سفید کے دانے اور کمیبستا لے۔ اور ساتھ ہی اس بات کا

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

بھی خیال رہے کہ سورج یعنی غروب نہ ہوا ہو۔ اور اول درجہ افق کی طرف سے طلوع کرے۔ یعنی جوزا برج کے دوسرے درجہ پر۔ اور سنبلہ کے تیسرے پر عقرب کے آٹھویں پر قوس کے اٹھارویں درجہ سورج نکلنے سے پہلے گذر چکے ہوئے ہوں۔ اگر مندرجہ بالا اوقات میں سے کوئی ایک وقت ہو تو ایسے وقت میں عامل کو چاہئے۔ کہ وہ جوہر عطارد کی تصویر کندہ کرے۔ مگر اس بات کا خاص طور پر خیال رکھے کہ سورج نکلنے سے پہلے یہ سب کام یعنی تختی اور تصویر دونوں مکمل ہو جانی چاہئیں۔ اگر اس وقت تصویر کسی وجہ سے رہ جاوے تو پھر دوسرے درجوں پر جس وقت عطارد آوے جو درجے کے اوپر بیان کئے جا چکے ہیں اس وقت تصویر مکمل کرنے اور ان کے ہمراہ جو بخور بیان کئے گئے ہیں۔ ان کو روشن کرے۔ جس وقت تصویر بن کر بالکل تیار ہو جاوے تو اس کو عرصہ سات یوم تک عطارد کے سایہ میں رکھے۔ جس وقت ستارہ عطارد ڈوب جاوے۔ اس وقت اس

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

تختی کو اٹھا کر چھپا کر رکھ لیں۔ اگر کسی کپڑے میں لپیٹ کر رکھ دیں۔ تو بہت اچھا ہے مگر یہ خیال رکھیں کہ کسی دوسرے شخص کی اس پر نظر نہ پڑے۔ پس جس شخص کے پاس یہ تختی ہوگی۔ اس کو تمام علم بغیر تعلیم حاصل کئے آ جاویں گے۔ اور اس کا حافظہ بھی بڑا تیز ہو جاوے۔ برسوں کی بھولی ہوئی باتیں یاد آ جاویں گی۔ جو بات ایک دفعہ اپنے کانوں سے سن لیگا پھر تا زندگی اس بات کو ہرگز نہ بھول سکے گا اور اس کی زبان میں اتنی مٹھاس اور روانی آ جاوے گی۔ کہ اپنی شیریں زبانی سے ہر ایک کو مطیع کر لیا جاوے گا علاوہ اس کے اسے وہ وہ معجزے اور عجائبات نظر آویں گے۔ کہ جن کا دوسرے کو کبھی خواب بھی نہ آیا ہو وہ سمجھے گا کہ اب میں نے ایک نئی اور انوکھی زندگی میں پاؤں رکھا ہے۔ یا کسی اور دنیا میں آ گیا ہوں مگر اس تختی کو گم نہ ہونے والے حفاظت سے رکھے کبھی ناپاک ہو کر اس کو ہاتھ نہ لگاوے جب ضرورت پڑے تو

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

نہا دھو کر کپڑے صاف پہن کر اسے ہاتھ لگا دے اس
کے رکھنے کی جگہ بھی صاف ستھری ہونی چاہیے۔ جتنی اس
کی قدر کرو گے اتنا ہی علم بڑھے گا عطارد کی تصویر جو کہ
تختی پر بنا دے وہ اوپر والی تصویر کی طرح ہونی چاہیے

عمل ترقی عزت و توقیر

اگر کسی شخص کو یہ خواہش ہو کہ میری عزت تمام دنیا میں
سب سے اعلیٰ ہو یا جو یہ چاہتا ہو کہ تمام دنیا کے لوگ
مجھے عزت اور قدر کی نگاہ سے دیکھیں میں جہاں جاؤں پر
پر لوگ آگے ہی ہاتھ باندھے ہوئے کھڑے ہوں تو اس کو چاہیے
کہ وہ منگل کے روز جب کہ چاند عقرب کے برج میں آیا ہوا
ہے۔ یعنی چاند برجیک راشی پر ہو اور ستارہ یعنی منگل کے
نزدیک تر ہو اس وقت طالب کو چاہیے کہ ایک پتھر
جسے شاد نج کہتے ہیں جو کہ مسور کی دال کی مانند ہوتا
ہے۔ اور اس کے اوپر دو تصاویر ایسی بنا دے کہ جو بالکل برہنہ
ہوں۔ اس میں ایک مرد کی ہو اور ایک عورت کی تصویر ہو

اس طرح ہو کہ مرد کے داہنے ہاتھ کی طرف عورت ہو جو کہ مرد کی طرف بیٹھ موڑے کھڑی ہو اور اس کے بال پیچھے یعنی مرد کی طرف لٹکے ہوئے ہوں۔ مگر وہ اپنی گردن کو موڑ کر اس مرد کی طرف دیکھ رہی ہو اور مرد نے اپنا داہنا ہاتھ اس عورت کے گلے میں ڈالا ہوا ہو۔ اس طرح کی تصویریں بنا کر پھر ان تصویروں کے نیچے یہ حروف کندہ کئے جائیں۔

ع ع حر ح

یہ حرف لکھ چکنے کے بعد اسی ساعت میں اس پتھر کو نگینہ کے طور پر ایک لوہے کی انگوٹھی میں لگوا کر اسی ساعت میں اس کو جو شخص اپنے دائیں ہاتھ میں پہن لے گا۔ وہ شخص جس جگہ بھی جاوے اس کا وہی مہربان ہو عزت بڑھے۔ اگر حاکم اعلیٰ کے سامنے چلا جاوے تو خواہ کتنا ہی سخت کیوں نہ ہو۔ فوراً نرم ہو جاوے تو دشمن کے سامنے چلا جاوے تو دشمن خواہ کتنا ہی زبردست کیوں نہ ہو۔ دیکھتے ہی سر جھکا دیوے۔ اور اگر وہ کسی ایسی جگہ پر چلا جاوے۔ جہاں زہریلے جانور مثلاً سانپ، بچھو یا جنگل میں شیر، چیتا، کتا گدھا وغیرہ ہو

وہ اسے دیکھتے ہی راستہ چھوڑ دیویں - اور حشرات وحوش و تکالیف سے بالکل محفوظ رہتے - نہایت ہی کارآمد اور معتبر انگوٹھی ہے -

جو شخص اس انگوٹھی کو پہنے - اس چند ایک باتوں کا خاص خیال رکھنا ہوگا - باتیں یہ ہیں :-

(۱) کسی کو دکھ نہ دیوے (۲) کسی یتیم اپاہج کو نہ ستاوے (۳) کسی کا خون نہ کرے - بلکہ کسی جانور کو بھی ہلاک نہ کرے (۴) گوشت کھانا چھوڑ دیوے - اگر نہیں کھانا تو ہاتھ تک بھی نہ لگاوے (۵) آگ پر پانی نہ ڈالے یعنی اسے بجھانے کی کوشش نہ کرے (۶) کسی کتے کو نہ مارے -

عمل برائے حب و تسخیر عالم

اگر کسی شخص کی یہ خواہش ہو کہ تمام عالم مجھ کو دیکھ کر فریفتہ ساتھ الفت کرے یا میرا مطیع ہو جاوے -

حسینہ مجھ پر فریفتہ ہو جاوے۔ یہ میرا کاروبار ترقی ہو
یا میرے رزق میں اضافہ ہو جاوے یا جس جگہ میں
جاؤں۔ لوگ میری عزت کریں۔ تو اس کو چاہیئے کہ جس
دن زہرہ یعنی شکر برج جوزا یعنی برکھ راشی کے درجہ
۱۴-۱۵ یا ۲۱ پر آیا ہو یا برج جوزا یعنی متھن راشی کے
آٹھویں درجہ پر ہو یا اسی راس کے درجہ ۲۰-۲۱-۲۷
پر آجاوے یا جس دن برج سرطان کرک راشی
پر ہو۔ یا درجہ ۱۴ برج اسد یعنی سنگھ راشی ہو یا
درجہ اول ۹ یا ۱۴ یا ۱۵ سنبلہ یعنی کنیا راس میں آ
جاوے یا اس کے درجہ ۱۴ میزان تلا درشتی پر آجاوے
یا برج عقرب یعنی برچھک راشی کے ۱۶ درجہ پر آیا ہو
اور قوس برج یعنی دھن راس کے ۲۳ درجہ آیا ہو۔ یا برج
دلو یعنی کنبھ راس کے درجہ ۲۹ پر ہو یا برج حوت یعنی
مین راس کے تیسرے درجے پر آیا ہوا ہو۔ ان وقتوں
میں کوئی ایک ساعت اپنے کام کے لئے مقرر کر لو۔
جس وقت بھی ان میں سے تم اپنا عمل جاری کرنا
چاہو۔ اس وقت یہ خیال ضرور رکھو کہ اس وقت سور

ابھی مشرق کی طرف ہو۔ یعنی سورج نکلنے کے تھوڑی
دیر بعد اپنے عمل کو شروع کر دو۔ عمل پر ہے ہر
مندرجہ بالا وقتوں میں سے کسی ایک وقت میں
ایک پتھر لو اور اسے چوکور نگینہ کی طرح بناؤ مگر یہ
رکھو کہ اس نگینہ کے بیچ سنہرا رنگ ضرور چمک
ہوا دکھائی دیتا ہو۔ رنگت اس کی آسمان کے رنگ
ہو یا سیاہی مائل ہو اس کو لے کر پہلے چوکور بناؤ
اس کے اوپر دو تصویریں عورتوں کی اس طریقہ سے
کہ دونوں عورتوں کے بازو ایک دوسرے کے گلے میں
ہوں اور ان کے ہونٹ بھی ایک دوسرے کے نزدیک
ہوں گو آپس میں ملے ہوئے نہ ہوں۔ مگر ان میں فاصلہ
بہت زیادہ نہ ہو ان دونوں عورتوں کے سروں کے
تصویر کبوتر کی یا قمری کی اس طریقہ سے بناؤ کہ ان
منہ کے پاس تو ان کا منہ ہو اور دم اس کی اوپر کو ہو
والے لوگوں کو یہ معلوم ہو رہا ہو کہ جیسے یہ کبوتر اپنے
کو دانہ کھلا رہا ہے ان دونوں تصویروں کے ارد گرد نیچے
کو نصف دائرہ دو پہلوؤں پر ایک خوبصورت بیل بنا

تاکہ تصویر کی سجاوٹ ہو جائے۔ جب یہ سب کام ختم ہو جائے
تو بعد میں اگلے عمل کو شروع کرے۔ مگر خیال رہے کہ
عمل کو شروع کرتے وقت بھی سورج مشرق کی طرف ہے
ہو اور زہرہ بھی اسی برج پر قائم ہو جس برج یا اس
کے درجہ سے تم نے عمل شروع کیا ہے۔ اگر دوران عمل
میں زہرہ اپنا سفر طے کرے اس کے اگلے برج یا د
پر چلا گیا ہو اور تمہارا کام ابھی ختم نہیں ہوا تو کام
وہیں پر چھوڑ دو۔ اور پھر تم اسی وقت کا انتظار کرو
زہرہ بھی اسی حالت میں آوے جس میں کہ تم نے پہلے
شروع کیا تھا۔ اس وقت کا خاص خیال رکھو اور ع
وقت پر اپنا بقایا کام پایہ تکمیل تک پہنچاؤ۔ یعنی س
سے پہلے اس تصویر کو جو کہ اوپر بیان کی جا چکی ہے اس
کرو بعد میں اس تصویر کے چاروں کونوں پر چھوٹے چھ
چار سوراخ نکالو۔ ان سوراخوں میں چار کیل سونے یا
کے لگا دے۔ اور بعد میں اس نگینہ کو بمعہ کیلوں کے ا
سونے یا چاندی کی انگوٹھی بنوا کر پھر جب زہرہ اسی
یا درجہ میں آ جاوے جہاں سے کہ آپ نے پہلے عمل شرو

تھا۔ اس وقت اس نگینہ کو انگوٹھی میں پیوست کرا دے اور
اس انگوٹھی کو کافور کستوری اور زعفران کا بخور دے کر اپنی دائیں
ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں پہن لے بس پھر جس کے سامنے جا
جاوے وہی مطیع ہو جاوے جس کو چاہے گھر میں بیٹھا
اس کو حکم دے اپنے گھر بلا لے۔ کاروبار اور تجارت
میں گوناگوں اضافہ ہو جاوے اگر اس کا دل کسی حسین
پر آگیا ہو اور خواہ وہ کتنی سنگدل سے سنگدل کیوں
نہ ہو لاکھوں جتن کرتے پر بھی وہ اس کی طرف آنکھ اٹھا
کر بھی نہ دیکھتی ہو تو اس انگوٹھی کو اپنی انگلی میں پہن کر ایک
دفعہ اس کے سامنے چلا جاوے وہ دیکھتے ہی ہزار جان
شیدا و فریفتہ ہو جاوے مگر یہ خیال رہے کہ اپنی مرضی
یا بغیر عقد کئے گئے اس کے ساتھ کوئی ناجائز فعل مت کر
ورنہ نگینہ کا تمام عمل ضائع ہو جاوے گا۔ وہ انگوٹھی کا



نہ دے سکے گی۔ پس اس انگوٹھی
کو صاف پانی یا عرق گلاب
میں دھو کر وہ پانی یا عرق جس
کو پلا دیا جاوے وہ اس کی

محبت میں اتنا فدا ہو جاوے کہ ایک لمحہ کی جدائی بھی اس کے لیے موت کا پیغام ثابت ہو نہایت عمدہ اور کارآمد انگوٹھی ہے۔

اُلفت کے لئے حیرت کن عمل

اگر کسی شخص کی یہ خواہش ہو کہ فلاں مرد یا عورت جس کی کہ میرے ساتھ بالکل معمولی شناسائی ہے مگر میں چاہتا ہوں کہ ہم دونوں ایک دوسرے کے اتنے نزدیک ہو جائیں کہ ایک جان دو قالب نظر آویں یا کوئی ایسا پتھر دل جس کی چوکھٹ پر تاک رگڑتے مدتیں گزر چکی ہوں مگر وہ ترس ہونے میں نہ آتی ہو۔ یعنی وہ اس کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھتی ہو۔ اگر دیکھتی بھی ہو تو بڑی نفرت کے ساتھ تو ایسے سنگدل کو موم دل بنا کر اس کے رشتہ الفت باندھنے کے لئے عامل کو چاہیئے کہ ایک مکان اپنے عمل کے لئے ایسا منتخب کرے کہ جو بالکل چھوٹا سا ہو اور گرد و غبار سے مبرا اور صاف ستھرا ہی کیا

ہوا ہو۔ اس مکان میں جھاڑو وغیرہ دے کر آپ اپنے عمل کو
پورنماشی کے روز یعنی جس دن کہ سورج اور چاند ایک
دوسرے کے بالمقابل ہو شروع کرے مگر اس روز متقابل
برج ثور یعنی برکھ راس کے درجہ ۱۴۔۱۵ یا ۲۱ پر ہو
یا برج جوزا یعنے متھن راشی کے درجہ آٹھ پر یا سرطان
(کرک راشی) کے ۲۰ یا ۲۱ یا ۲۷ پر ہو یا سنگھ راشی
یا برج اسد کے ساتویں یا چودھویں درجہ پر آیا ہوا ہو
یا عقرب یعنی برچھک راس کے سولھویں درجہ پر یا
قوس یعنی دھن راشی کے آٹھویں درجہ پر ہو۔ یا جدی
یعنی مکر راشی کے چوتھے پر ہو یا کنبھ راس یعنی برج
دلو کے ۱۹ پر ہو یا برج حوت یعنی مین راس کے تیسرے
درجہ پر آیا ہو۔ اور اوپر لکھے وقتوں میں سے کوئی
ایک وقت بھی کیوں نہ ہو۔ اس وقت اپنے عمل
شروع کرے۔ عمل اس طرح پر کرنا چاہیے۔

کہ سب سے پہلے سفید موم تھوڑی سی لے کر اسی کا
پتلہ بنالے۔ جو دیکھنے میں نہایت خوبصورت معلوم
جب پتلہ مکمل ہو جاوے۔ تو پھر اس کو اپنے ہاتھ

رکھ دیوے ۔ پھر تھوڑی سی اور موم لے کر اس کا
ایک اور پتلا پہلے پتلے کی شکل کا تیار کرے جب
دونوں پتلے ایک جیسے بن کر بالکل تیار ہو جاویں
تو ان دونوں کے عاشق و معشوق کے نام کسی سوتے یا
چاندی کی چھوٹی سی تختیوں پر لکھ کر ان دونوں پتلیوں
کے سینوں میں لگا دے بعد اس کے اس مکان کے ایک
کونے میں ایک پتلے کو رکھ دیوے ۔ مگر منہ دونوں پتلیوں
کے سینوں میں لگا دے بعد اس کے اس مکان کے ایک
کونے میں ایک پتلے کو رکھ دیوے ۔ مگر منہ دونوں پتلوں
کا ایک دوسرے کی طرف کر کے رکھے ۔ پھر ان دونوں
شخصیتوں کی جن کی آپس میں الفت کروانی منظور ہو ان
کی مزاج کے مطابق بخور جلا دے پھر ہر روز بلا ناغہ
جوں جوں سورج چاند کے نزدیک آتا جاوے ان پتلوں
کو بھی ایک دوسرے کی طرف تھوڑا تھوڑا کرتے جاویں
جس وقت سورج اور چاند میں صرف ایک زاویے
کا فرق باقی رہ جائے ۔ اس دن تک دونوں پتلوں کا
فاصلہ بالکل معمولی رہ جانا چاہئے ۔ جب کہ تمہیں روز سورج

اس دن سورج اور چاند بالکل عین ایک دوسرے
کے اوپر آ جاتے ہیں - اس دن عامل کو چاہیئے کہ وہ
ان دونوں پتلوں کو بھی ایک دوسرے کے چھاتی
سے ملا دیوے یہ یاد رہے کہ جوں جوں عامل ان
پتلوں کو ایک دوسرے کے نزدیک کرتا جاوے گا
توں توں ان دونوں شخصوں کے دلوں میں بھی ایک
دوسرے کے لئے الفت پیدا ہو جاوے گی اور جس
روز یہ دونوں پتلے ایک دوسرے کے سینوں سے لگ
جاویں گے - اس روز وہ دونوں شخص بھی خواہ ایک
دوسرے سے کتنی ہی دوری پر کیوں نہ بیٹھے ہوئے
ہوں وہاں سے بھاگ آویں گے اور ایک دوسرے کو
گلے لگا دیں گے اور جب تک دونوں پتلوں کو ایک
دوسرے سے ملائے رکھو گے وہ دونوں شخص بھی ایک
دوسرے کی آنکھوں سے غائب نہ ہو سکیں گے جب
دونوں پتلوں کو ایک دوسرے سے علیحدہ کر دو گے تو
وہاں وہ دونوں شخص بھی ایک دوسرے سے علیحدہ
ہو جاویں گے - بڑا تیر بہدف عمل ہے -

عمل برائے گوشمالی دشمن

عامل لوگ اگر کسی کے ساتھ کینہ نہ رکھیں اور اپنے اس علم جادو کو لوگوں کی بھلائی کے ملئے کریں۔ تو یہ علم بڑا فائدہ دیتا ہے۔ علاوہ اس کے خدا بھی ایسے عامل پر ہمیشہ خوش رہتا ہے۔ اور اسے اپنی ہر ایک برکت سے سدا خوش حال رکھتا ہے۔ اور جو لوگ اپنے علم یا جادو کو دوسروں کے کھانے یا ستانے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ وہ نہ صرف لوگوں کی نظروں سے ہی گر جاتے ہیں بلکہ خدا بھی اس پر خوش نہیں رہتا۔ بلکہ بعض اوقات وہ چیزیں جو کہ اس دوران عمل میں حاصل ہوئی ہوتی ہیں وہ بھی اس سے تنگ آ کر کنارہ کشی کر جاتی ہیں پھر وہ کسی کام کا نہیں رہتا۔ ہر طرف سے لعنت ملامت ہوتی رہتی ہے۔ اس لئے عاملوں کو چاہیئے کہ جہاں تک ہو سکے اپنے علم کے ذریعہ دوسرے کو فائدہ پہنچائے۔ ہاں اگر کوئی اس کا دشمن بڑا زبردست ہو۔ اور خواہ مخواہ اسے

تنگ کرتا ہو یا خلق خدا کو ستاتا یا مظلوموں کو مارتا ہو تو اسے
کچھ تھوڑی بہت گوشمالی کر کے سیدھے راہ پر لگانا برا فعل
نہیں ہے اس لئے عامل کو چاہیئے کہ اگر اسے کسی ایسے دشمن
سے واسطہ پڑ جاوے اور زور یا زر سے اسے براہ راست
لا نہ سکتا ہو اور چاہتا ہو کہ اس کوئی جسمانی تکلیف دے کر یا کچھ
دنوں کے لئے بیمار کر کے راہ راست پر لاؤں تو اس کو
چاہیئے کہ سنیچر وار کے روز جب کہ ساعت بھی سنیچر یعنی
زحل کی ہو اس وقت تھوڑا سا آٹا نہ مل سکے تو بازار
سے تھوڑی سی موم سیاہ رنگ کی لاویں اور اس کا پتلا
دشمن کے چلنے کے مطابق تیار کریں بعد میں اس کے
جس انگ کو بیمار کرنا مقصود ہو اس انگ کو زحل کا
بخور سیاہ مرچ کے ہمراہ دے کر اس جگہ پر لوہے کی ایک
سوئی چبھو دیں - مگر عامل کو چاہیئے کہ جس وقت اس عمل
شروع کرے اس وقت سے ہی لے کر اپنے اس عدد کا
تصور اپنے دل میں پختہ رکھے اور اپنے مقصد کو بھی ذہن
میں برابر یاد رکھے پھر اس پتلے کو اسی طرح سے کسی کپڑے
میں لپیٹ کر کسی پرانی قبر پر یا کسی ناپاک اور گندی

پر لے جا کر خوب اچھی طرح سے دفن کر دیوے۔

اتنا عمل کرنے پر اس کا وہ دشمن بیمار ہو جاوے گا۔ اور جب تک وہ اپنے بُرے اعمال سے توبہ نہ کریگا۔ اس کا بچاؤ مشکل ہو جاوے گا۔ اگر وہ توبہ پکڑ لے اور پھر عامل کو یا کسی دوسرے کمزور انسان کو نہ ستانے کا عہد کرے تو عامل کو چاہیئے کہ اسی وقت اس پتلے کو زمین سے نکالے اور اس کا کفنی اتار کر اس کر اس کے اس عضو سے جہاں کہ سوئی چبھوئی ہوئی ہے۔ نکال کر وہاں پر تھوڑا سا آٹا لگا کر اس کو پھر ویسا ہی سالم کر دیوے تب تو اس شخص کی بیماری فوراً دور ہو جاوے گی۔ اور اگر اس پتلے کو باہر نکالنے پر بھی اس کی سوئی نکال کر جب تک اس پر آٹا نہ لگایا جاوے گا۔ تب تک وہ بیمار کبھی راضی نہیں ہو سکتا۔

عمل برائے حب حاجات ضروری و کرامات محبت

عاملان مصر اس بات پر عقیدہ رکھتے ہیں کہ جب چاند

ثور یعنی برکھ راس میں آیا ہوا ہو اور زہرہ یعنی شکری برکھ راس یعنی برج ثور پر شرف کرے یعنی بیٹھا ہوا ہو۔ تو اس وقت اگر چاندی کا ایک پترا لے کر اس کے پانچ کوستے بنا کر اس کے اوپر ذیل کا نقشہ کندہ کرے۔ انگوٹھی کی کا کندہ نکلوا کر بعد میں دھونی عنبر کی دے کر اس کو اپنے داہنے ہاتھ میں پہن لے کسی ناپاک جگہ پر اس کو لے کر نہ جاوے جب کوئی کام اس سے لینا مقصود ہو۔ اس وقت اس کو اپنی چارپائی پر سرہانے کے نیچے رکھ کر رات کے وقت سو جاوے اور سوتے وقت تصور اپنے مطلب کا رکھے اگر وہ کسی دوست حسینہ سے یا کسی زبردست دشمن سے ملاقات کرنے یا سخت دل حاکم کو نرم کرنے کا یا اپنے کسی مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنے کا طلبگار رہے خواہ کسی قسم کا کام کیوں نہ ہو سب کام اس کی حسب منشا ہوں گے اور اس کی دلی تمنا بر آوے گی۔ بلکہ اگر کوئی شخص غائب ہو گیا ہو یا چوری ہو گئی ہے اور چور کا پتہ نہیں ملتا یا دفینہ خزانے کا پتہ لگانا مطلوب ہو تو سب کچھ اسے خواب میں نظر آ جاوے گا۔ اگر مجھ کو ملنے کی خواہش ہو گی تو بھی بلا قیل و قال کے ہاتھ باندھ

حاضر ہوگا۔ نہایت عمدہ اور عجیب و غریب نقش ہے
اور ہے بھی سہل اس میں کوئی
زیادہ مشکلات بھی نہیں ہر ایک
آدمی کر سکتا ہے۔ نقش یہ ہے:

جس چیز کی خواہش ہو وہی حاضر ہو جائے

جب برج حوت یعنی مچھلی راس کا سفر طے کر رہا ہو۔ اور کواکب قمری و زہری یعنی چاند یا زہرہ ناظر یعنی سامنے ہو تو ایسے وقت پر اگر نیچے کے لکھے ہوئے نقش کو کسی کاغذ پر کبیر سے لکھ کر اور زعفران و لوبان کی دھونی دے کر پاس رکھے تو جس جگہ پر جاوے۔ فتح و کامیابی اس کے پاؤں چومیں تمام لوگ عزت سے پیش آویں۔ اگر اس نقش کو کھول کر دیکھے اور دیکھتے دیکھتے جس چیز یا بات کی خواہش کرے وہ فوراً حاضر کرے۔ نقش نہایت مفید اور کارآمد ہے اور تجربہ کنندہ ہے۔

نقش یہ ہے   ھدعحاکیشاف اہنٔ فو

کھڑے کھڑے لوگوں کی نظروں سے غائب ہونا

اس عمل کو عمل اخفا بھی کہتے ہیں۔ بڑا عجیب و غریب عمل ہے۔ جب کسی مجلس میں ہوئے ہوں تو عامل اپنے ساتھیوں کو چند لمحہ کے لئے محو حیرت کر سکتا ہے یعنی بیٹھے بیٹھے ذیل کا عمل کرنے سے فوراً سب کی نظروں سے غائب ہو جاوے لوگ دیکھتے کے دیکھتے ہی رہ جاویں اور حیران و ششدر رہ جائیں کہ ابھی فلاں شخص ہمارے پاس بیٹھا باتیں کر رہا تھا ابھی کہاں غائب ہو گیا۔ اس عمل کو کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جس روز برج سرطان یعنی کرک راس پر ہو اور دن بھی اتوار کا ہو۔ اس روز اگر زعفران کی قلم سے صندل کی سیاہی کے ساتھ ہرن کے چمڑے پر ذیل کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے تو جہاں جاوے گا کامیابی حاصل کرے۔ اگر کسی مجلس میں شعبدہ دکھانا چاہے تو اس نقش کو اس تعویذ کو چپکے سے نکال کر اپنے منہ میں رکھ لے۔ بس سب کی نظروں سے غائب ہو جاوے گا گو وہ سب کو دیکھتا رہے گا مگر اسے کوئی دوسرا آدمی محفل میں بیٹھا ہوا نہ دیکھ سکے گا۔

وہ ساتھ ساتھ لوگوں کو باتیں بھی سناتا چلا جائے۔ لوگ یہ تو سمجھیں گے کہ وہ یہاں ہی ہے۔ مگر نظر نہیں آتا بڑا عجیب معجزہ ہے طلسم یہ ہے۔

"ہرقوس صفا ہنغما کشح حجوز جسم"

۲ عمل برائے علالت دشمن

ناظرین! میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں۔ کہ یہ کام کسی کو دُکھ دینے کے لئے نہ سیکھنا چاہئے۔ اگر ہو سکے تو اس کام کو سیکھ کر دوسروں کا کچھ فائدہ کرو۔ تاکہ دنیا کے لوگ بھی تمہاری عزت کریں اگر کوئی زبردست آدمی تم کو یا کسی اور غریب آدمی کو ہر وقت بے جا دُکھ دیتا اور ستاتا رہتا ہو اور بارہا منع کرنے پر بھی باز نہ آتا ہو۔ تعویذ بازو کو بھی کچھ نہیں جانتا۔ تو پھر بُرے کام سے ہٹنے کے لئے اگر تم اپنے اس عمل کو کام میں لاؤ۔ تو کوئی ہرج کی بات نہیں۔ مگر کسی سے انتقامی جذبات رکھتے ہوئے اس پر جادو کا رعب ڈال کر اسے اپنے زیر کرکے اس کو ناجائز تنگ کرنا نامناسب ہے انصاف ...

FREE ... HAYAT BOOK'S GROUP

غلطی ہے اس طرح کرنے سے مظلومین کو اس طریقہ سے دکھ دینے سے یہ عمل جلدی ہاتھ سے نکل جایا کرتے ہیں یا ان کا اثر زائل ہو جایا کرتا ہے اس لئے اوّل تو اس کام کو مت کرو اور اگر کسی ظالم کو دکھ ہی دینا منظور ہے۔ تو ذیل کا نقش اس وقت تیار کرو۔ جب بُرج جلدی یعنی چاند مکرر اس کا ہو یا برج دلو یعنی کنبھ راس کا ہو۔ اس وقت پہلے حصہ میں ابھی طلوع ہوا ہو تو لوہا اور تانبا دونوں دھاتیں لے کر ایک تختی بنواؤ اور اس تختی کے ایک طرف تو ذیل کا نقش کندہ کرا دے اور دوسری طرف اس دشمن کا نام اور جس مرض میں اس کو مبتلا کرنا منظور ہو۔ مگر اس بات کا خیال رکھو کہ سخت مرض کا نام ہرگز نہ لکھنا چاہیئے۔ جس سے اس کی جان چلے جانے کا اندیشہ ہو۔ معمولی سا مرض لکھ کر اس تختی کو رات کے وقت جلتی ہوئی آگ کے نیچے دبا دینا چاہیئے پس جس مرض کا نام ہوگا۔ انشاء اللہ تعالےٰ دشمن اسی مرض میں گرفتار

جاوے گا۔ اور جب تک اس تختی کو آگ میں سے نہ
نکالا جاوے گا۔ تب تک وہ مریض شفایاب
نہ ہوگا۔ نقش یہ ہے :۔

سحقا مخور لمیاما و بالعقل ین صا صا ح ح

دافع منحوس سیارگان

اگر کسی شخص کا ستارہ منحوس ہو یعنی جس کو ہندی
میں ناقص گردش کہتے ہیں۔ اگر ناقص کسی کو اپنے درجہ میں
مبتلا کر رہے ہوں جس کی وجہ سے انسان کے کاروبار
میں کمی یا رشتہ داروں سے ان بن یا کسی مہلک مرض میں
مبتلا ہو جانا۔ یا دل کو پریشانی وغیرہ۔ یہ علامات ہیں
منحوس سیارگان کی اس لئے اگر ان کا ستارہ گردش
میں ہو جس کے باعث وہ کسی نہ کسی مصیبت میں مبتلا
ہو اور اس سے مخلصی حاصل کرنا چاہے تو شرف
مہر و ماہ یا شرف مشتری یا قدان السلایں میں
ان میں سے کسی ایک وقت پر مندرجہ ذیل

نقش کسی ریشم کے کپڑے پر جو زرد رنگ کا ہو لے کر اس کے اوپر گلاب، زعفران اور مشک تینوں کو ملا کر رکھے بعد خشک ہونے کے اسے چاندی، سونا یا تانبے کا تعویز بنوا کر اس میں بند کر کے اپنے داہنے بازو پر باندھ رکھے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں مصیبت دور ہوگی۔

نقش یہ ہے :-

بسم   ۷۸۶   xxx

۳۲۱۶	۳۲۲۵	۳۲۳۰	۳۲۲۳
۳۲۲۷	۳۲۲۲	۳۲۱۷	۳۲۲۹
۳۲۲۱	۳۲۲۴	۳۲۳۲	۳۲۱۸
۳۲۳۱	۳۲۱۹	۳۲۲۰	۳۲۲۵

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP

جادو کی مُندری

یہ مُندری بڑی عجیب و غریب ہے۔ جس شخص کے پاس یہ مندری ہو اس کو کسی بات کی کمی نہیں رہتی۔ جس کام کو ہاتھ لگاوے کامیابی اس کے قدموں میں رہتی ہے وہ جہاں جاوے۔ وہاں پر خواہ کتنے ہی اس کے مخالف کیوں نہ ہو فوراً مطیع ہو جاویں اور عزت کرنے لگیں دشمن بھی اس مندری کو دیکھ کر جھک جاوے اگر اپنے پیسوں روپوں کے صندوق میں رکھے تو دولت بے بہا پاوے۔ دوکان میں رکھے تو دولت بے بہا پاوے دوکان میں رکھے تو کاروبار اور ترقی میں کئی گنا ترقی ہو۔ اس مندری کے تیار کرنے کا طریقہ یہ ہے:۔

جس دن چاند میکھ راشی کا ہو یعنی بُرج حمل پر ہو اور آیت وار کا روز ہو۔ اس دن شرف شمس یعنے سورج کے شرف میں اتوار صبح کے وقت تنہا ہو کر ذیل کا نقشہ سونے

چاندی کے پترہ پر لکھ کر مندری بنوالیں نقش
کا ہے۔مطلب دونوں کا ایک ہی ہے۔ فائدہ بھی
ایک جیسا کرتے ہیں۔ ان میں سے جونسا نقش آپ
لکھ کر بنوالیں مگر اس بات کا خیال رکھیں کہ چونکہ
کی مندری ہیں دونوں ہی قسم کے نگینے یعنی ایک
کو اور دوسرا چاندی کے نگینے پر بنوادیں وہی نقش
سونے کے نگینے پر بنوادیں تو اچھا ہے۔ اس طرح دو
نقش اس پر لکھ کر دونوں آپس میں ملا کر اس طریقہ
دونوں نگینوں کو اس مندری میں جڑا دیں کہ جب چا
اسے نکال سکیں اور جب چاہیں اسے لگا بھی سکیں
ہیں سے عددی نقش سونے کا پترے پر لکھنے والا ہے
دوسرا چاندی کے نگینہ پر علاوہ اس کے دو نقش اور ایسے
ہیں اگر نگینے چھوٹے ہی ہوں۔ اگر نگینے چھوٹے ہوں تو
کے نقش بنوالیں۔ مطلب دونوں کا ایک ہی
ہے نوٹ :۔ چونکہ سورج کا رنگ سفید اور چاند
کا رنگ زرد ہے اس لئے دن کے وقت سونے
نگینہ اوپر کی طرف کو رکھنا چاہیئے۔ اور رات

FREE AMLIYAT BOOKS GROUP

وقت چاندی کا نگینہ اُوپر کی طرف رکھنا چاہیئے۔

نقش معظم یہ ہے:-

نقش حروفی سونے کے نگینے کے لئے

الرا۔ المص ۷۸۶ الرا۔ المرا

ب	د	و	ح
ح	و	د	ب
د	ب	ح	و
و	ح	ب	د

کہیعص حمعسق طسم

نقش عددی

الرا۔ المص ۷۸۶ الرا۔ الرا

۲	۴	۶	۸
۸	۶	۴	۲
۴	۲	۸	۶
۶	۸	۲	۴

کہیعص حمعسق طسم

حروفی نقش برائے نگینہ چاندی

ا
ہ ی ج
ز

عددی نقش برائے نگینہ چاندی

۶
۵ ۱۰ ۳
۴

عمل برائے عزت بڑائی حکام وشرفا

اگر کسی شخص کی یہ خواہش ہو کہ دنیا کے تمام بڑے آدمی مثلاً امیر کبیر لوگ۔ حاکم و افسر اعلےٰ و ادنےٰ غریب و مفلس۔ چھوٹا اور بڑا جو بھی مجھے دیکھے عزت کرے

آداب بجا لائے جو میں کہدوں سب اس کے آگے سر تسلیم خم
کریں جس طرف نظر اُٹھاؤں اُسی کو مطیع کروں و فرمانبردار
پاؤں۔ اگر کوئی جابر مغرور سرادر ظالم سے ظالم میرا دشمن
جانی بھی مجھے دیکھ کر میرے قدموں پر آکر گرے اور میری
تمام تکالیف و مصائب دُور ہو جائیں۔ میرے کاروبار یا رتبہ
میں ترقی ہو۔ ادنےٰ اعلےٰ سب مجھ سے خوش رہیں تو اس
کو چاہئے کہ جس دن چاند ٹھیک راشی کا ہو۔ یعنی بُرج
حمل میں طلوع ہو۔ ایسے وقت میں پاک صاف ہو کر اگر
گرمی کا موسم ہو تو نہا کر اگر سردی زیادہ ہو تو منہ دھو
کر صاف ستھرے کپڑے پہن کر دنیاوی خیالات کو دل سے
دُور کر کے اپنے مقصد کا تصور باندھ کر اور سوا تولہ
کے قریب سونا لے کر اگر سونا نہ ملے تو تانبا لے لے
پھر دونوں چیزوں کو ہموزن لے کر اور اُن کو گلا کر
ایک جگہ ملا لے۔ پھر اس کی ایک چھوٹی سی تختی بناوے
جب اتنا کام کر چکے تو اپنے پاس گوگل لوبان اور
زعفران کی دھونی جلاوے اور اس تختی کو دھونی
دیوے بعد میں اس پر نقش لکھ کر پھر دوبارہ دھونی

دلوے بعد اس کے زرد رنگ کے کسی ریشمی کورے کپڑے میں لپیٹ کر بڑی حفاظت کے ساتھ اپنے پاس رکھے یا گلے میں یا دائیں بازو پر باندھے تو خدا کے فضل سے سب کام راس ہوں ہر مصائب سے مخلصی حاصل کرے نقش یہ ہے۔

نقش



بزرگی و عظمت حاصل کرنے کی تختی

جس شخص کی اپنے خاندان یا قوم یا قبیلہ یا گاؤں یا شہر میں کوئی بات بھی نہ پوچھتا ہو۔ اور وہ جدھر جا دے لوگ اسے نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہوں اور وہ اس زندگی سے سخت تنگ آگیا ہو اور چاہتا ہو کہ جو لوگ میری بے عزتی کرتے ہیں وہ مجھے عزت کی نگاہ سے دیکھیں اور جہاں جاؤں لوگ میرا ادب کریں اور بڑے آدر مان کے ساتھ اپنے پاس بٹھا دیں ہر ایک آدمی میری صلاح لے کر

کام کرے چھوٹے بڑے میرا حکم مانیں تو اس کو چاہئے کہ جس دن زحل یعنی سنیچر اپنے گھر میں بیٹھا ہو یعنی زحل اپنے شرف پر ہو۔ اس وقت یشب کا پتھر لے کر اس کی ایک تختی بناوے مگر یہ بات یاد رہے کہ تختی بنانے سے پہلے اس کا دل ہر پراگندہ خیال سے مبرا ہونا چاہئے۔ سب سے پہلے نہا دھو کر صاف ستھرے کپڑے پہن کر پاک صاف ہونا چاہئے۔ پھر تختی کا کام شروع کرے جب تختی تیار ہو جاوے تو پھر اس پر مقررہ ساعت کے وقت مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اپنے گلے میں ڈال لے یا پگڑی میں باندھ کر اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ جہاں جاویگا عزت عظمت پاوے گا ہر ایک اسے سلام کراوے گا۔

نقش یہ ہے

×××	×۵۰	×۳(۱)	××۰
×۵۱۲	×××	××۱۲	×۵۲
××۱۲۲	×۵۵	×××	××۱۰
××۹۵	××۱۹	××۱۱۱	×۵۰

نقش سنیچر

زحل

اگر کوئی شخص مندرجہ ذیل نقش کو شرف زحل میں شیشہ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ تو یہ نقش اسے تین دن اندر اندر مالا مال کر دے گا۔ بشرطیکہ اسے راس آجائے اگر راس نہ آیا تو تین دن کے اندر اندر اس کی تباہی و بربادی کر دے گا۔ اس لئے اسے چاہئے کہ اگر ایسا ہوتا دیکھے تو فوراً نقش کو اتار کر کسی کنوئیں یا تالاب میں پھینک دے اور اگر راس آجاوے تو اپنے پاس رکھے۔ نقش یہ ہے:۔

۸۸ ۲۲ x ۰۰۰ x ⊥ ⊓⊓ x ⅂

بنت لوح پر طلسم کندبو ط ط ع ۱۱۱۹۶۱ ع ط ط

FREE ANJUMAN BOOKS

قسم تعویذ	آتشی			خاکی
برائے مطلب	برائے بدخواب وغیرہ	کامیابی	ہلاکی دشمن	برائے ہلاک دشمن
	ماہ قمری کے آخری	عشرہ دوم	عشرہ سوم	//
یوم	اتوار یا بدھوار	سوموار جمعرات یا جمعہ	شنبہ یکشنبہ سہ شنبہ	//
جگہ	آگ کے نزدیک بیٹھ کر جس جگہ آگ جلتی ہو یا بھٹی تنور	//	//	کسی کھلے اور ہوادار مکان میں
وقت	۱۲ بجے کے بعد دوپہر کے وقت	//	سحر //	//
ساعت	جب عطارد کا سفر ہو	//	زحل یعنی سنیچر کے سفر میں	//
کس چیز پر لکھنا	کاغذ پر یا چینی کی کمال پر یا چینی کے برتن پر	//	//	کسی سفید کاغذ پر
لکھنے کی ترکیب	اپنے منہ میں گرم رکھ کر یا کوئی چیز دانتوں تلے رکھ کر مشرق کی طرف منہ کر کے	//	اپنے منہ میں کوئی کڑوی یا کھٹی چیز رکھ کر لکھے	مغرب کی طرف منہ کر کے
[illegible]	اگر خواہ [illegible] کے لیے لکھے تو سیاہی [illegible] وہاں [illegible] کے لیے [illegible] ہے	سیاہی	کالے رنگ کی سیاہی سے [illegible] میں ملا کر لکھنا	//
جگہ استعمال	لکھنے کے بعد یا تو جلتی آگ میں ڈال دیویں یا بھٹی تنور اور چولہے میں دبا دیں	//	یا آگ میں دبا دیں یا قبرستان میں دفن کر دیں	جس کے لیے [illegible] مکان کی [illegible] اور [illegible] دفن کر دیں یا قبرستان [illegible]

بادی	آبی
گمشدہ کو مڑوانے، الیی الفت و محبت و زبان بندی کیلئے	دلہائی اور الفت محبت اور برائے مریض
عشرہ اول	عشرہ دوم
جمعرات یا جمعہ	سوم جمعرات یا جمعہ
رات کو دس بجے کے بعد یا علی الصباح	شام کے بعد یا علی الصباح
زر	قمری یا مشتری
"	"
"	دکھن کی طرف منہ کرکے
کسی خوشبو دار	زعفران یا مشک
سیاہی کے ساتھ	وغیرہ کے ساتھ
درخت کے ساتھ لٹکا دے	پانی میں پھینک دے

ہدایات

۱۔ عامل کو چاہیئے کہ اس بات کا خیال رکھے کہ اگر کسی شخص کے واسطے بادی کا تعویذ لکھنا ہو تو اس کے نام میں یہ گیارہ حروف نہ ہوں حروف یہ ہیں۔

ا۔ ب۔ ج۔ د۔ و۔ ق

ل۔ ک۔ ن۔ ض۔ ظ۔

۲۔ اگر عامل نے کاروبار میں ترقی رزق میں اضافہ اور کسی کے مقابلہ میں فتح یا کامیابی حاصل کرنے کیلئے تعویذ لکھنا ہو تو اس کو چاہیئے کہ قمری مہینہ یعنی چاند کے مہینہ کے پہلے ہفتہ میں لکھے اور اگر کسی کو اپنی الفت و محبت میں مبتلا

کرنے کے لئے یا کسی کو اپنا مطیع و تابع کرنے کے لئے
لکھنا ہو۔ تو قمری مہینہ کے دوسرے ہفتہ میں لکھے
اور اگر کسی سے انتقام لینا منظور ہو تو قمری ماہ
کے تیسرے ہفتہ میں لکھنا چاہیئے۔

(۳) اگر روزی میں ترقی۔ کاروبار میں اضافہ تجارت
میں فائدہ یا کسی کو مسخر تابع فرمان کرنا مقصود
ہو۔ یا دولت میں گوناگوں ترقی کے خواہشمند ہو۔ یا
عزت کی تمنا ہو۔ تو جمعرات یا جمعہ کے روز تعویذ
لکھ کر اسے دیوے۔ اور اگر کسی کو دوسرے کی الفت
ومحبت میں مبتلا کرنا یا کسی مریض کو مرض سے
رہائی دلانی۔ یا کسی قیدی کو جیل خانے سے
چھٹکارا دلانا مقصود ہو تو اس کام کے لئے
سوموار یعنی پیر کا روز تعویذ و نقش کے لئے
مبارک دن ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP

اگر کسی زبردست دشمن کا ہلاک کرنا یا اس سے انتقام لینا ہو تو اس کام کے لئے سنیچر۔ اتوار یا منگل کا روز اچھا اور مفید ہے۔ اگر کسی کی زبان بندی کرنے کی خواہش ہو تو پھر اتوار یا بدھ کے روز تعویذ و نقش لکھے۔

(۴) عامل کو چاہئے کہ جس وقت بھی کوئی کسی قسم کا نقش یا تعویذ لکھنا چاہئے۔ اس سے پیشتر نہا دھو کر پاک و صاف ہو جاوے۔ اگر نہا نہ سکے تو کم از کم پنج اشنانہ یعنی جس کو مسلمان بھائی وضو کرنا کہتے ہیں وضو کر کے اور صاف ستھرے کپڑے پہن کر اچھی طرح سے خوشبو وغیرہ لگا رکھے۔ اور ہر تعویذ کو شروع کرنے سے پیشتر بسم اللہ یا ۷۸۶ یا اگر ہندو ہو تو (اوم) لکھ کر یا (سری گنیش آئے نمہ) لکھ کر پھر تعویذ لکھے اور اگر عامل بھائی مسلمان ہے تو اس کو چاہئے کہ کلمہ پڑھنے اور لکھنے کے بعد یہ دعا پڑھ کر پہلے اپنے اوپر دم کرے بعد میں لکھے

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

دعا یہ ہے

یا حافظا ۔ یا حفیظا ۔ یا رقیب ۔ یا دلیل

مگر اس بات کا خاص خیال رکھنا چاہیئے کہ ناجائز
محبت یا بداعمالی کے لئے ہرگز ہرگز تعویذ لکھ کر نہ دیوے

(۵) اگر کوئی عورت اپنے مرد یا کسی غیر مرد کو اپنے میل
کرنے یا محبت کرنے کے واسطے تعویذ لینا چاہے تو عامل
کو چاہیئے کہ پہلے مرد کا نام لکھے بعد میں عورت کا
اگر کوئی مرد اپنی عورت یا کسی آشنا عورت سے
محبت کرنی چاہے۔ تو پہلے عورت کا نام لکھنا چاہیئے
بعد میں اس مرد کا۔

(۶) اگر کوئی شخص اپنی منکوحہ عورت کو جدا کرنے
کے لئے تعویذ لکھوانا چاہے تو عامل کو چاہیئے کہ وہ
ہرگز ایسا تعویذ نہ لکھے۔ ورنہ نقصان اٹھاوے گا۔

(۷) عامل کو اس بات کا خاص خیال رکھنا چاہیئے
کہ ہفتہ میں جتنے دن ہوتے ہیں ان میں سے ہر ایک
دن کا اپنا مؤکل علیحدہ ہوتا ہے۔ اس لئے جس دن
عامل تعویذ لکھے اس روز کے مؤکل کا نام بھی
تعویذ پر ضرور لکھے مثلاً شنبہ کا میر تہمار۔ یکشنبہ کا
[illegible]طار۔ اور دوشنبہ کا میر تہمار۔ سہ شنبہ

پیر جہایر - چہار شنبہ کا چہا تیرٹر - پنج شنبہ سبح الودود ۔

نقش بھرنے کا طریقہ

ناظرین! جس طرح شطرنج کے مہرے شطرنج کے اُوپر نمبروار طریقہ سے رکھے جاتے ہیں اسی طرح ہر ایک نقش بھی طریقہ دار بھرے یعنے پُر کئے جاتے ہیں اب یہاں ناظرین کو نقش پُر کرنے کا طریقہ سمجھا دیتے ہیں۔ تاکہ نقش لکھتے وقت عامل صاحبان کو خانہ پُری کرنے میں دقت پیش نہ آئے ۔ کیونکہ اگر خانہ پُری پورے طریقہ سے نہ کی جاوے ۔ مثلاً جو حروف یا عدد پہلے لکھنے چاہئیں ۔ اگر وہ بعد میں لکھے جاویں یا بعد میں لکھنے والے حروف اگر پہلے لکھے جاویں تو اس طرح سے لکھا ہوا نقش بعض اوقات اثر پیدا نہیں کرتا ۔ بے ترتیبی سے اس کا اثر زائل ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے ۔ اس لئے عامل کو چاہئے

کہ ہر نقش اور تعویذ شطرنج کے مہروں کی طرح ترتیب دار لکھے۔ تاکہ اس کا اثر جلد ظہور پذیر ہو۔ غلط لکھنے سے بھی اگر تعویذ کا اثر زائل ہو جاوے تو لوگوں کے دلوں سے بھی تعویذات اور نقش ہائے کا اعتبار جاتا



رہتا ہے۔ اور وہ اسے دھوکا اور ڈھونگ ہی سمجھنے لگتے ہیں شطرنج پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے شطرنج میں گھوڑا ہمیشہ اڑھائی گھر چلا کرتا ہے۔ یعنی دو گھر سیدھے چلتا ہے اور ایک گھر موڑ کر یعنی بغل کا چلتا ہے۔ جیسا کہ اوپر والے نقشہ میں بتایا ہے۔



جو وزیر ہوتا ہے اس طرح چال ہمیشہ سب طرف کو چلتی ہے۔ یعنی سیدھی ٹیڑھی دونوں طرف کو جیسا کہ سامنے بتایا گیا ہے

تیسرا موہرا شطرنج میں فیل یعنی ہاتھی کا ہوتا ہے



یہ ہمیشہ ٹیڑھا مگر دو تو
اطراف کو چلا جاتا ہے۔
وزیر یا پیادے کی طرح
یا گھوڑے کی طرح
سیدھا دائیں بائیں
کو نہیں چل سکتا ہے۔ جیسا کہ سامنے خانوں میں
دکھایا گیا ہے۔

چوتھا موہرا رُخ ہے جو کہ ہمیشہ سیدھا سامنا
اور دائیں بائیں چلتا ہے۔ ٹیڑھا ہرگز نہیں چل سکتا
دیکھو نیچے دائیں بائیں رستہ ملتا ہے۔ یہ کہیں کھڑا نہیں ہوتا۔



یدھا
ہاتا
ہے۔

طریقہ نقش مثلث لکھنے کا

عامل کو چاہیئے کہ جس کام کا یا جس آیت کا نقش لکھنا
چاہئے اس کے نام کے تمام حروف کے اعداد بحساب ابجد
کہ اگلے صفحہ پر لکھے جاوینگے کے مطابق نکال کر تمام
مجموعہ کرکے ان میں بارہ عدد کم کر دے اور پھر جو باقی بچے
رہ جاویں ان کو ان پر تقسیم کرے جو آوے وہ پہلے خانے میں
لکھے اور پھر ہر ایک عدد میں ایک عدد اور اضافہ کرکے
ہر خانہ میں لکھتا جاوے۔ یعنے جو خانہ گھوڑے کی
چال پر ہے۔ اس کو پہلے ہندسہ سے پُر کرے پھر
ہر ایک ہندسہ یا عدد میں ایک ایک زیادہ کرکے
لکھتا جاوے تیسرے خانہ میں پہلے خانہ سے دو عدد
زیادہ کرکے لکھے اور پھر رُخ کی چال جدھر کو چلے
بت تیسرے خانہ سے اُدھر کی طرف چار عدد بڑھتا
... خانہ ... پھر جس طرف کو ...
... تو اس طرف پانچ عدد بڑھا کر لکھے اور پانچویں

HAYAT BOOKS GROUP

سے پھر وزیر کے خانہ کی طرف چھٹا عدد درج کرے چھٹے خانہ سے پھر رُخ کی چال کی طرف ساتواں عدد لکھے ساتویں عدد کے بعد گھوڑے کی چال پر اگلے خانہ میں آٹھواں عدد درج کرے آٹھویں عدد سے پھر گھوڑے کی چال کی طرف نانواں عدد لکھے - اس طرح سب خانہ پُر کرے اور ہر ایک خانہ پُر کرنے کے بعد اگلے خانہ میں ایک عدد بڑھا کر لکھنا چاہئے جیسا کہ اُوپر بتایا جاچکا ہے آگے ہم ناظرین کی سہولت کے لئے ایک مثال درج کرتے ہیں -

کسی بڑے دانشمند اور عامل نقش و تعویذ ہائے نے مثلث نقش کے پُر کرنے کی بابت یہ ہدایت کی ہے کہ اگر آتشی نقش لکھنا ہو تو اس کو سب سے پہلے نمبر ا سے شروع کرنا چاہئے اور اعداد کی کسر خانہ نمبر ۷ - ۲ - ۴ میں لکھنا چاہئے اور اگر مادی قسم کا نقش لکھنا مطلوب ہو تو اس خانہ کو ۴ - ۲ - ۷ میں اس طریقہ سے شروع کرنا چاہئے اگر آبی لکھنا ہو تو سب سے پہلے خانہ نمبر ۷ سے شروع کرے اور کسر ۴ - ۲ - ۷ میں لکھنا جاوے اگر نقش خاکی لکھنا ہو تو سب سے پہلے خانہ نمبر ۹

سے شروع کرنا چاہئے اور پھر دوسرے نقشوں ۸
کی طرح کسر چار۔ دو ساٹ میں اعداد لکھ کر خانہ پُر ہی
کرے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ۹ کے ہندسہ کے بعد خانہ نمبر
۴ میں لکھے اور پھر خانہ نمبر ۲ میں اور بعد میں خانہ نمبر ۱
میں لکھے تب نقش صحیح ہوگا۔

مربع شکل کا نقش پُر کرنا

عامل کے لئے ضروری ہے کہ اگر وہ کسی مربع شکل کا نقش
کسی سائل کے واسطے لکھنا چاہئے تو درست سے پہلے اس
آیت یا مطلوب کے نام کے اعداد بحساب ابجد لے نکالے اور پھر
سب اعداد کا مجموعہ کرے۔ جو حاصل ہو اس میں سے ہم عدد
نکال دیوے جو باقی بچیں ان کو چار پر تقسیم کر دے
اگر تقسیم پوری ہو جاوے اور باقی کچھ نہ بچے تو اس کے ایک
حصہ کو خانہ نمبر ا میں درج کرے اور پھر اوپر کے طریقہ
کی طرح یعنی گھوڑے کی چال کی طرح دوسرا خانہ پُر کرے
یعنی دوسرا عدد دوسرے خانہ میں لکھے پھر دوسرے خانہ
سے گھوڑے کی چال کے مطابق تیسرا خانہ پُر کرنا چاہئے تیسرے

خانہ سے پھر گھوڑے کی چال کا طریقہ چوتھا خانہ اور چھٹے سے پھر رُخ کی چال کے مطابق پانچویں خانہ میں عدد لکھے پانچویں خانہ سے پھر گھوڑے کی چال کی طرح سے چھٹے خانہ میں عدد درج کرے اور چھٹے خانہ کے بعد ساتواں خانہ پھر وزیر کی چال کی طرف پُر کرے ساتویں کے بعد آٹھواں خانہ پھر گھوڑے کی چال کی طرح سے درج کرے آخری خانہ یعنے نانواں خانہ فیلے یعنی ہاتھی کے خانہ کی طرح سے درج کرنا چاہئیے اگر خانہ نمبر ۹ سے زیادہ ہوں تو پھر دوسرے عددوں کو فیل کی چال کی طرح سے پُر کرنے چاہئیں یعنی ساتویں سے فیل کی چال پر دسواں خانہ اور چھٹے خانہ سے شروع کرے گیارہویں خانہ کو فیل کی چال میں پُر کیا جانا چاہئیے اور پھر پانچویں خانہ سے اسی طریقہ سے بارہواں خانہ فیل کی چال طرف کو پُر کرنا ہوگا بعد چوتھے خانہ سے لے کر فیل کی چال کے مطابق تیرہواں خانہ میں اعداد درج کرے اور تیسرے سے اسی چال کے مطابق چودہواں خانہ اور دوسرے خانہ سے لے کر اسی چال پر پندرھواں خانہ پُر کرے اور پہلے خانہ سے فیل کی چال کے مطابق سولھواں خانہ پُر کرنا چاہئیے

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

(نوٹ) جیسا کہ اُوپر بتایا جا چکا ہے کہ مطلوب کے اعداد ابجد کے نکال کر ان کے مجموعہ میں سے ۳۰ کم کر کے ان کو چار پر تقسیم کرو اور اگر کچھ تر باقی بچے تو مندرجہ بالا طریقہ کے مطابق خانہ پُری کرو۔ اگر کچھ باقی بچے تو مندرجہ بالا طریقہ کے مطابق خانہ پُری کرو۔ اگر کچھ باقی بچے تو ان کو اس طریقہ سے لکھو یعنی اگر ایک باقی بچے تو خانہ نمبر ۱۳ میں ایک عدد اور بڑھاؤ اگر تین باقی بچیں تو ایک عدد خانہ نمبر ۵ میں بڑھا دو۔ اس طریقہ سے تمام اعداد پُر کر کے نقش کو بھی بڑھا دو۔ اس طریقہ سے تمام اعداد پُر کر کے نقش کو پورا کرو۔

مثال نمبر ۱

مثال نمبر ۲

جبکہ ۴ پر تقسیم کرنے سے ایک باقی بچے

گھوڑا	فیل ۱۱	فیس ۴	۱
فیل ۱۳	۱۰ گھوڑا	۷ وزیر	۱۲ فیل
وزیر ۳	فیل	۹ فیل	۶ گھوڑا
۱۰ فیل	رخ	۴ گھوڑا	۱۶ فیل

۸	۱۱	۱۵	۱
۱۲ نمبر	۲	۷	۱۲
۳	۱۷	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۶

مثال نمبر ۳
اگر ۲ باقی بچیں

۱۸	۱۲	۱۵	۱
۱۴	۲	۷	۱۳
۳	۱۷	19	۶
۱۱	۵		۱۶

مثال نمبر ۴
اگر ۳ باقی بچیں

۹	۱۲	۱۵	۱
۱۴	۲	۸	۱۳
۳	۱۷	۱۰	۷
۱۱	۶۵		

(نوٹ) جن خانوں میں ایک ایک عدد کو بڑھایا گیا ہے۔ ان خانوں کے کناروں کو سیاہ رنگ سے نشان کیا گیا ہے۔ عامل صاحبان کو اس کا خیال رکھنا چاہئے کہ ان خانہ جات میں اضافہ کر کے باقی کے خانہ جات اسی طریقہ سے ترتیب وار لکھے جائیں۔

(نوٹ) نقش بھرنے کے کئی ایک طریقہ جات عامل لوگوں نے بیان کئے ہیں۔ مگر کتاب بڑھ جانے کی وجہ سے جہاں چند طریقہ جات درج کرنے ہی مناسب خیال کر کے انہی پر اکتفا کی جاتی ہے۔

ابجد کے حرفوں کے اعداد اور اُن کے اسرار

اگر عامل یہ چاہے کہ وہ کسی نام کے اعداد بحساب
کے معلوم کر سکے یا کسی آیت کے حروف ابجد
سکے تو اس کے لئے کسی عارف بزرگ نے جو
حتی سے کچھ شناسائی رکھتا تھا۔ ان تمام حروف
آٹھ عدد کلمہ جات ایجاد کئے جن کے نام یہ ہیں

ابجد	ہوز	حطی	کلمن
سعفص	قرشت	ثخذ	ضظغ

ان آٹھ کلموں میں سے ہر ایک کلمہ کسی حروف
مرکب ہے اور ان کا تعلق سیعہ سیارہ سے
ہے۔ ہر ایک کلمہ کے اندر سات حروف
بادی خاکی ہوتے ہیں۔ اور جس شخص یا آیت
کے نام کا جو پہلا حرف ہوگا۔ اسی کا اسی نشا

تعلق ہوگا۔ اس لئے عامل کو چاہیئے کہ جیسا ستارہ ہو اس کے موافق ہی اس کو دھونی دیوے۔ یعنی بخور جلائے اگر عین اس کے مطابق کرے گا تو انشاء اللہ بہت جلدی اپنے ارادہ میں کامیابی حاصل کرے گا۔

نقشہ حروف ابجد معہ ان کے سیارگان کے

ستارہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
آتشی	ا ۱	ہ ۵	ط ۹	م ۴۰	ف ۸۰	ش ۳۰۰	ذ ۷۰۰
بادی	ب ۲	و ۶	ی ۱۰	ن ۵۰	ص ۹۰	ت ۴۰۰	ض ۸۰۰
آبی	ج ۳	ز ۷	ک ۲۰	س ۶۰	ق ۱۰۰	ث ۵۰۰	ظ ۹۰۰
خاکی	د ۴	ح ۸	ل ۳۰	ع ۷۰	ر ۲۰۰	خ ۶۰۰	غ ۱۰۰۰
جمعہ	ابجد	ہوزح	طیکل	منسع	فصقر	شتثخ	ذضظغ

اگر کسی شخص کی یہ خواہش ہو۔ کہ میں بھی اس عمل کو سیکھ کر عامل بنوں تو اس کو چاہیئے کہ وہ ابجد حروف کی زکوٰۃ کو پہلے ادا کرے۔ اس کے بعد وہ پورا عامل بن سکتا ہے۔ کیونکہ حروف ہیں جو

یہی حروف ہیں جو تمام عملوں میں اور اذکار اور دیگر وظائف وغیرہ میں استعمال کئے جاتے ہیں۔ زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ان حرفوں کو ہر روز بلا ناغہ چالیس دن تک پانچ ہزار مرتبہ معہ ان کے مؤکلوں کے پڑھے۔ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب تمام حرفوں کو پڑھ چکے تو بعد میں یہ کہے کہ بحق باد .... موکل کا نام لے۔

اب ہم ان حروف کے مؤکلوں کے نام معہ حروف کے پیش ناظرین کرتے ہیں۔

ابجد کے حرفوں کے موکلات

نام مؤکل نام مؤکل

نام مؤکل	حرف	نام مؤکل	حرف
عطکائیل ع	ی	لوخائیل ع	خ
ابجلاعیل ع	ک	سرحمائیل	ذ
لوذائیل	ع	کمطرائیل	ق

نام مؤکل	حرف	نام مؤکل	حرف
لوصائیل؏	ع	حروزائیل؏	ک
طاطائیل؏	ل	کلکائیلہ؏	ج
رویائیل؏	م	تنکفیلہ؏	ح
جولائیل؏	ن	ھصکائیل؏	خ
رقعائیل؏	و	درہدائیل؏	د
دوریائیل؏	ہ	اھرائیل؏	ذ
سرکیطائیل؏	ی	امرائیل؏	ر
اسرافیل؏	ا	شرخائیل؏	ز
جبرائیل؏	ب	ھمرائیل؏	س
عزرائیل؏	ت	ھمرائیل؏	ش
میکائیل؏	ث	اھجائیل؏	ص

حروف ابجد برائے طلسم

FREE AMLIYAAT BOOKS

علم جادو کے اندر ابجد کے حروف اور قسم کے ہوتے

ہیں جو کہ ناظرین کی سہولت کے لئے ذیل میں درج کئے جاتے ہیں عامل کو چاہئے کہ جیسے کوئی نقش آبی خاکی یا آتشی لکھنا مطلوب ہو تو اس میں ذیل کے حروف بھرنے چاہئیں۔ تاکہ عام حروف میں امتیاز نہ ہو سکے کہ حروف ابجدیہ ہیں۔



طلسم جلنت یا خدائی طلسم

ناظرین! اب ہم ذیل میں طلسمی ٹوٹکے درج کرتے ہیں جو کہ عالموں اور فقرا صاحبان کے ترجمہ شدہ ہیں۔

کہ اپنا اثر کئے بغیر نہیں رہتے اور وقت بھی اتنا خرچ نہیں ہوتا اور فائدہ بھی جلدی ہو جاتا ہے جو کام کرنا ہو۔ اس میں کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ ذیل میں جو نقش پیش ناظرین کیا جاتا ہے وہ اسم اعظم کا درجہ رکھتا ہے۔ اس نقش کی تاثیر سائل کو تھوڑے ہی دنوں میں محو حیرت کر دینے والی ہے۔ جو شخص اس نقش کو اپنے پاس ہر وقت حفاظت سے رکھے گا۔ وہ بڑے ہی عجیب و غریب نظارے دیکھے گا۔ جو کچھ اس نقش کے اثر سے وہ کام کر سکے گا یا معجزات دیکھ سکے گا۔ وہ کوئی دوسرا ہرگز نہ دیکھ سکے گا۔ ان کا بیان کرنا ہماری زبان یا قلم میں طاقت نہیں۔ وہی شخص ان مشاہدات کو محسوس کر سکتا ہے جس کو ان کے دیکھنے کا اتفاق ہوا ہو۔ اگر اس کا عامل کوئی دنیاوی یا دینی یا کسی اور قسم کی مشکلات میں مبتلا ہو گیا ہو۔ اگر عامل کی خواہش ہو کہ فلاں شخص یا فلاں حسینہ سے میری محبت ہو جاوے یا فلاں شخص میرا مطیع ہو جاوے۔ خزانوں کا پتہ لگ جاوے چوری گئی ہوئی چیز مل جاوے یا چور کا پتہ لگ

جاوے یا غیر ممالک کے حالات معلوم ہو جائیں۔ مقدمہ میں کامیابی حاصل ہو۔ قیدی رہا ہو۔ غیبی حالات معلوم ہو جائیں۔ امتحان میں پاس ہو جاؤں یا گمشدہ آدمی یا مفرور کا پتہ مل جاوے یا خود بخود تمہارے پاس آ جاوے تو عامل کو چاہیئے کہ ان باتوں میں سے اگر کسی ایک بات کا پتہ بھی لینا چاہے تو نہا دھو کر پاک صاف ہو۔ ستھری پوشاک پہن کر اس اسم کو اپنے سرہانے رکھ کر سو جاوے تو اس کو خواب کے اندر اپنے مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔ دوسری خوبی اس اسم میں یہ ہے کہ اگر تم کسی ایسے آدمی کے جو کہ تم سے کوئی راز چھپاتا ہو۔ یا اگر چور ہو وہ چوری کر کے مانتا نہ ہو۔ تو جب سو یا ہوا ہو۔ اس کے سرہانے یہ اسم رکھ دو۔ وہ خود بخود سب حالات بیان کرنے لگ پڑے گا۔ یہ اسم ایک تختی پر لکھا جاتا ہے۔

ھدایت:۔ اس تختی کے عامل کے لئے ضروری ہے علاوہ ہر وقت جبکہ یہ تختی اس کے پاس ہو۔ پاک رہے کبھی ناپاک نہ ہونے پائے ہر وقت صاف ستھرا

ہے۔ پاک صاف لباس زیب تن کرکے جس وقت رفع حاجت کے لئے جاوے یا ناپاک ہو۔ اس وقت اس تختی کو اپنے پاس نہ رکھے۔ بلکہ اس کو ناپاک ہاتھ بھی نہ لگاوے۔

لوح اسم اعظم تیار کرنے کا طریقہ

جب سورج برج ثور میں یعنی برکھ راسی کا ہو۔ دوسرے لفظوں میں جب کہ ہندی کا جیٹھ مہینہ ہو اور زہرہ یعنی شکر ستارہ برج حوت یعنی مین راسی میں پڑا ہوا ہو۔ اور چاند اور شکر کا آپس میں ملاپ ہو یعنی زہرہ اور قمر کا اتصال ہوا ہو ایسے وقت میں عامل کو چاہیئے کہ ۶ ماشہ سونا اور ۶ ماشہ تانبا لے کر اس کو زرگروں والی کٹھیالی میں ڈال کر نوشادر اور سوہاگہ ڈال کر آگ میں رکھ دیوے آگ کو خوب روشن کرے جب دونوں چیزیں اچھی طرح سے گل جاویں تو اس کو اتار کر ٹھنڈا کر کے ایک چار کونی مربع تصور باندھ کر صاف ستھرے لباس سے خدا کا نام لے کر ذیل کا

نقش اس تختی پر کندہ کرے۔ مگر یہ خیال رہے۔ کہ نقش زہرہ شکر کے سفر کے درمیان میں ختم ہوتے چاہئیں اتنے عرصہ میں نقش ختم نہ ہوسکیں اور زہرہ کا دورہ ختم کر دیوے عامل کو چاہیئے۔ کہ اپنے کام کو اسی جگہ پر ختم کر دیوے پھر جب زہرہ کا سفر اسی برج یعنی راسی پر آوے تو پھر باقی نقوش پورا کرنا چاہئے اس بات کا بھی خیال رکھنا ضروری ہے۔ کہ نقوش کے حروف بالکل صاف کندہ ہوتے چاہئیں۔ نقش یہ ہے:۔

ہ	٦	ح	ے
ے	ہ	و	ح
ح	۴	ے	ح
۹	و	ح	۴
۴	۴	۹	۱

یہ نقش تختی کے اوپر کے حصے یعنی ایک طرف کندہ کریں تختی کے دوسرے جانب یعنی نیچے کا نقش

عہ	صمہ	عہ	صمہ	لعہ
لعہ	لعہ	عہ	صمہ	عہ
صمہ	عہ	لعہ	لہ	
لہ		صمہ	عہ	معہ
عمہ		لعہ	عہ	صمہ

BOOK'S GROUP

(نوٹ) عامل کو چاہیئے کہ جس وقت یہ نقوش کندہ کرنے لگے پھر اس تختی کو عنبر کی دھونی دلوے۔ گوگل جلا دے پھر نقش چکنے کے بعد اس کو خوشبو وغیرہ لگا کر کسی سفید رنگ کے کورے اور پاک صاف کپڑے کی تھیلی بنا کر اس میں حفاظت کے ساتھ رکھیں انشاء اللہ ہر کام میں کامیابی حاصل ہوگی جہاں جاؤ گے۔ لوگ دیکھتے ہی عزت کریں گے۔

طلسم سلیمانی

ناظرین! اس نقش کی خوبی کیا بیان کریں۔ اس نقش میں ہزار فوائد بھرے پڑے ہیں۔ جن کا بیان کرنا ہماری قلم کی طاقت سے باہر ہے یہ وہ نقش یہ ہے جو کہ سائل یا عامل جس کے پاس بھی ہو اسے ہر خدائی برکت سے مالا مال کر دیتا ہے کسی قسم کی کمی اسے نہیں رہتی عزت دولت میں دن دوگنی ترقی ہوتی ہے۔ ولی اولیا کا درجہ حاصل کر اسے ... ایک ... کے پاس یہ طلسم ہوگا تمام ... گی کیا ادنیٰ کیا اعلیٰ سب تشاد گر

اس کے قدموں پر نثار ہوں گے جس چیز یا انسان بلکہ حیوا
چرند و پرند کی طرف نگاہ بھر کر ایک بار دیکھے گا وہی اس کا
فرمان و مطیع ہو گا دنیا کی کوئی چیز با برکت جس کو ہندی م
ردھی سدھی کہتے ہیں ایسی نہیں ہو گی جو کہ اسے حاصل
ہو گی جس جگہ پر وہ جا کر کھڑا ہو جاویگا زہریلے جانو
سانپ اژدہا۔ بچھو اور جنگل کے خوفناک اور خونخو
درندے بھی وہاں سے اس کے خوف کے مارے جاویں گ
اتنی طاقت صرف اس سلیمانی نقش کے اندر موجود ہے
ہم اس نقش کے تیار کرنے کا طریقہ ناظرین کی خدمت
میں پیش کرتے ہیں۔

طریقہ تیاری نقش

جب شمس برج حمل میں داخل ہو یعنی جب ہندی کا
بیساکھ کا مہینہ آغاز پر ہو۔ اس وقت عامل کو چاہیئے کہ خا
سونا بوزن ۴۸ رتی یا اسی حساب سے جتنا رکھنا چاہے۔
یا اس سے کچھ کم ۲۸ رتی کا بھی کر سکتا ہے لیکن ایک
... جو کہ چوکور شکل کی نگینہ والی ہو۔ تیار کروائے اور جب

س اپنے پورے جوبن پر اسی مہینہ میں ہو یعنی جیسا کہ آدھا
را ہو۔ تو اس وقت کوئی اچھی سی ساعت دیکھ کر نہا

۷۸۶

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

ھو کر صاف ستھرا لباس
پہن کر کے اپنے لباس اور
کو معطر کرکے نقش کندہ
یہ نقش بڑا مقدس ہے اس کو حل المشکلات یا مسبب الاسباب
دولت میں رکھے تو انشاء اللہ ہر قسم کی دولت سے مالا مال
نقش اوپر لکھا ہے۔

طلسم فلکی

یہ طلسم بھی ایک لوح پر کندہ کیا جاتا ہے۔ جو کہ نہایت ہی
عجیب وغریب تاثیر رکھتا ہے۔ عامل لوگ اس لوح کو اپنی
کسی دھاگے میں باندھ کر اپنے گلے میں اس طرح
لٹکاتے کہ لوح اس کے دل کے اوپر ہر وقت رہے تو وہ جس
سے عزت و مال پاوے۔ دشمن کو بھی دوست
ہر ایک اس کے حکم کو بجا لانا فخر سمجھے۔ بلکہ جنی ارواح

بھی اس کے حلقہ بگوش ہو کر غیبی حالات سے ہر وقت اطلاع کرتا ہیں اور جنگل کے خوفناک درندے، چرند سب اس کے ساتھ محبت کریں۔ بلکہ جہاں تک اس نقش میں خوبی ہے کہ اگر اس کو ساتھ تیار کرنے والا اس کو پورے طریقہ کے ساتھ تیار کرے کسی قسم کا نقص یا کمی اس میں واقع نہ ہو جاوے تو پھر عامل جب چاہے ہزارہا آدمیوں کی مجلس میں بیٹھا ہوا اپنی ہے لوگوں کی نظروں سے غائب بھی ہو جاوے جس کو دیکھ کر لوگ حیران و ششدر رہ جاویں پھر جب چاہے ان کے روبرو ہو لوگ اس کو پورا جادوگر تصور کرنے لگیں اور اس سے ڈریں کے بلکہ زبردست سے زبردست آدمی بھی اس کے تابع فرمان ہو جائیں لوح تیار کرنے کا طریقہ حسب ذیل ہے۔

جب شمس برج سرطان یعنی سورج کرک راسی کا ہو جس کو ہند میں ساون کا مہینہ کہتے ہیں اور چاند اپنے شرف پر ہو۔ اور شرف یعنی برسپتی سے اس کا میل ہو ایسی ساعت میں عامل کو چاہئے کہ چاندی کی ایک لوح تیار کروائے اور پھر پاک و صاف صاف ستھرا لباس پہن کر اپنے بدن اور لباس کو معطر کرے یعنی بالعموم کو زعفران مشک اور گل کی دھونی دیکر ذیل کا

اسی ساعت میں کندہ کرلے نقش یہ ہے

[illegible]	7	S	ل
۲	[illegible]	س	ص
ص	مں	[illegible]	۲
ص	مں	ح	[illegible]

جس وقت یہ نقش مکمل ہو جائے تو عامل کو چاہیئے کہ متواتر
۲۷ یوم تک مشتری یا برہسپتی کے سایہ میں حفاظت کے ساتھ
رکھے یہ ساعت بہت لمبی یعنی اڑھائی ماہ کی ہوتی ہے اس
لئے ۲۷ دن تک اس نقش کو مشتری کے سایہ میں حفاظت
سے رکھے اور ہر روز مذکورہ بالا اشیاء کی دھونی رات کے
وقت اس کو دیا کرے جس وقت مشتری یعنی برہسپتی کا ستارہ
غروب ہو جائے یا اگلے پر چلا جاوے۔ تو اس نقش کو
سفید رنگ کے گورے کپڑے میں یا سرخ رنگ کے
نئے مگر پاک صاف کپڑے میں لپیٹ کر حفاظت سے
رکھے جب کسی کام کے لئے باہر جانا ہو تو اس کو اپنی پگڑی
میں رکھ کر یا داہنے بازو پر باندھ کر چلا جاوے یا اس نقش کو

گلاب کے عرق میں دھو کر پی لے تو ہر کام میں کامیابی حاصل کر کے آوے اگر یہ گلاب جس میں کہ وہ نقش دھویا گیا ہے کسی مریض کو پلا دیا جاوے تو وہ غیبی راز بیان کرنا شروع کر دیں جو کوئی اس نقش کو پاس رکھے خدا کی برکت سے مستفید ہو اور مالا مال ہو کر دنیا میں عیش و عشرت کی زندگی بسر کرے۔

طلسم فرقان

عاملان طلسم کو اس نقش کی خاص کر بہت قدر کرنی چاہئے کیونکہ یہ نقش کلام اللہ کا ہے اور بڑا ہی عجیب تاثیر والا نقش ہے اس کی سب سے زیادہ خوبی یہ ہے کہ انسان کی ہر مصیبت جو کہ خواہ وہ دینی ہو خواہ دنیاوی ہو اس کے اثر سے فوراً دور ہو جاتی ہے۔ اگر اس نقش کو پانی میں یا عرق گلاب میں دھو کر کسی بیمار کو پلایا جاوے تو وہ بیمار بہت جلد تندرست ہو جاوے۔ اگر کوئی مفلس نادار اس کو اپنے پاس رکھے تو چند دنوں میں دولت سے مالا مال ہو جاوے اگر اس کے سر پر قرضہ وغیرہ ہو تو وہ بھی اس نقش

اثر سے سب اُتر جاوے۔ اگر کسی سے مقدمہ بازی ہو۔
تو اس میں کبھی کامیابی حاصل کرے۔ میدان جنگ میں
دشمن پر غالب رہے۔ اگر کوئی اسیر ہو تو قید سے رہائی
پاوے اگر کسی کو اپنے مطیع اور تابع فرمان کرنا مقصود
ہو تو اس کو یہ نقش پانی میں یا عرق گلاب میں دھو
کر دہ عرق اسے پلا دیوے خواہ کتنا ہی دشمن جان
کیوں نہ ہو زیر ہو کر قدموں پر گر پڑے۔ القصہ یہ
نقش انسان کی ہر حاجت کو رفع کرتا اور ہر مصیبت
کو دور کرنے والا ہے۔ اور مقدس ذمعتبر ہے۔
عامل کو چاہیئے کہ اگر وہ اس نقش کو سدھ کرنا
یعنی پورا کرنا چاہتا ہے تو ہر جمعہ کے روز پانچ ہزار
مرتبہ کسی کاغذ پر لکھ کر ان کی گولیاں آٹے میں
باندھ کر کسی دریا میں یا تالاب میں ڈال دیوے
اور بعد میں کچھ خیرات وغیرہ بھوکے لوگوں میں
تقسیم کرے پھر اس نقش اعظم کی تاثیر دیکھے۔

نقش مبارک اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

FREE AMLIYAT BOOKS GROUP

یا محمدؐ ۷۸۶ یا اللہ

۹۰۴۲۲۳۱۱	۹۰۴۴۳۳۱۱	۹۰۴۲۲۳۱۱	۹۰۴۴۳۳۱۱
۹۰۴۴۳۳۱۱	۹۰۴۲۲۳۱۱	۹۰۴۴۳۳۱۱	۹۰۴۲۲۳۱۱
۹۰۴۲۲۳۱۱	۹۰۴۴۳۳۱۱	۹۰۴۲۲۳۱۱	۹۰۴۴۳۳۱۱
۹۰۴۴۳۳۱۱	۹۰۲۲۲۳۱۱	۹۰۴۴۳۳۱۱	۹۰۴۲۲۳۱۱

اس نقش کو لکھتے وقت عامل کو چاہیے کہ اچھی طرح سے پاک صاف ہو کر صاف ستھرا لباس پہن کر لباس اور بدن کو خوشبو سے معطر کر کے پانچ سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر لکھے اور جس وقت نقش ختم کرے تو پھر پانچسو مرتبہ درود شریف اور ایک سو آٹھ مرتبہ سورہ فاتحہ شریف پڑھے نقش میں اور بھی عجیب و غریب تاثیر ہو جائے گی۔

طلسمی نقش

عامل صاحبان! یہ طلسم دیکھئے اور آزمائیے۔ نہایت ہی عجیب و غریب تاثیر کا مالک ہے اور سولہ قسم

سکے کاموں میں علیحدہ علیحدہ طریقوں سے لکھا اور استعمال کیا جاتا ہے اور ہر کام میں حیرت انگیز مشاہدات دکھلاتا ہے یعنی اگر کسی کو بھوت پریت کا سایہ ہو۔ یا جن پری کے جنگل میں پھنسا ہوا ہو تو اس طلسم کے اثر سے فوراً دور ہو جاوے نظر بدلگی ہو۔ دشمن کی تباہی و بربادی یا بیمار کرنے کے لئے استعمال کے لئے جس عورت کے اولاد نہ ہوتی ہو یا ہو کر مرجاتی ہو یا لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اور وہ لڑکے کی خواہشمند ہو تو اس نقش کے اثر سے بانجھ کے اولاد ہوگی لڑکیوں کی جگہ کی جگہ بڑا خوبصورت اور عقلمند لڑکا پیدا ہوگا جو کہ عمر دراز ہو۔ دشمن کی جان لینے کے لئے نقش وکبینہ کے لئے تپ کے لئے تپ لرزہ کے لئے درد جگر کے واسطے۔ درد گردہ کے واسطے اگر کسی کے گھر میں رات کو یا دن کو آسمان سے اینٹیں برستی ہوں۔ جس سے گھر کے تمام افراد خوف زدہ رہتے ہوں۔ ان اینٹوں کو بند کر کے گھر والوں کا خوف دور کرنے کے لئے اور اگر کسی قسم کی بیماری کسی شخص کو ہو تو وہ اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ بہت جلد مرض سے مخلصی حاصل

کرے۔ طریقہ اس نقش کے لکھنے کا یہ ہے کہ کسی اچھی سی ساعت میں کیسر کے ساتھ سفید رنگ کے ریشمی پر اگر کپڑا نہ ملے تو کسی کورے کاغذ پر لکھ کر اُسے زعفران اور مشک کی دھونی دے اور اگر وہ نظر بد کے لئے لکھنا چاہتا ہے تو خانہ نمبر ۱ سے شروع کرے۔ اور پھر ترتیب وار لکھتا جاوے۔ اگر جن (پری) یا بھوت پریت کا سایہ دور کرنے کے لئے لکھنا ہو۔ تو خانہ نمبر ۲ سے شروع کرنا چاہیئے۔ اگر دشمن کی بربادی و تکلیف کے لئے لکھنا مطلوب ہو۔ تو خانہ نمبر ۳ سے اگر الفت و محبت کے لئے ہو تو خانہ نمبر ۴ سے شروع کرے مگر اس بات کا خیال رکھے کہ دشمن کے واسطے لکھے تو اس کا نام مع اس کی ماں اور مع مرض و تکلیف کے لکھے اور الفت و محبت کے واسطے اگر لکھے تو مع طالب و مطلوب کے مع ان کی ماں کے نام کے لکھے۔ اور اگر کسی درد زہ ہوتی ہو تو اس نقش کو خانہ نمبر ۵ سے شروع کرے اگر اسقاط حمل کے واسطے تحریر کرنا ہو تو خانہ نمبر ۶ سے شروع کرے اگر کسی بانجھ عورت کے واسطے اٹھرا کے واسطے تحریر

مقصود ہو۔ تو خانہ نمبر ۷ سے آغاز کرے اور اگر ہلاکی دشمن
واسطے لکھنا پڑے تو خانہ نمبر ۸ سے شروع کرے جب نقش
کر اور دشمن کا نام اوپر لکھ کر اس کے گھر کی طرف اس کا
ور کر کے کریگا۔ تو اس کا دشمن گھوڑے سے گر کر ہلاک ہو
ے گا۔ اگر کسی سے بغض وکینہ یا انتقام لینا منظور ہو
س نقش کو خانہ نمبر ۹ سے لکھنا شروع کرے۔ تپ کے
سطے نمبر ۱۰ سے اور تپ لرزہ کے بمعہ مریض کا نام لکھنے
خانہ نمبر ۱۱ سے لکھے درد جگر کے واسطے خانہ نمبر ۱۲ سے
وہ کے درد کے لئے خانہ نمبر ۱۳ سے اور پسلی کے درد
واسطے خانہ نمبر ۱۴ سے۔ اور اگر گھر میں اتفاقاً ہر روز
مان سے بارش ہوتی ہو تو اس نقش کو خانہ نمبر ۱۵ سے
اگر کسی شخص کو کسی قسم کی مرض ہو تو اس کو مخلصی
ے کی غرض سے خانہ نمبر ۱۶ سے لکھنا شروع کرتا
ئے۔ نہایت ہی اکسیر و مفید ومتناسب نقش ہے۔ اگر
ں نقش کو استعمال کرنے سے پہلے پیر کے دن یا جمعہ
دن پندرہ مرتبہ لکھ کر سات پیر یا جمعہ آٹے
کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیوے اور ہر پیر یا

جمعہ کو جس دن یہ نقش لکھے۔ بعد میں بھوکوں کو کھانا تقسیم کرے تو اس نقش میں بے بہا تاثیر پیدا ہو۔ لوگ اس کے اثر کو دیکھ کر حیران و ششدر رہ جائیں گے۔ نہایت ہی مفید اور کارآمد نقش ہے۔

یا رحیم — یا کریم

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

عجیب و غریب نقش برائے اُلفت و محبت

یہ نقش جو چند ایک یہاں درج کئے جاتے ہیں۔ یہ نقش ہمارے فقرا اور علماء لوگوں کے بنائے ہوئے اور پرتاثیر ہیں ان نقشوں کو عامل اگر پورے طریقہ سے کریں تو بے خطا نہیں ہوتے محبوب خواہ کتنا ہی سنگدل کیوں نہ ہو ان نقش کے اثر سے فوراً زیر ہو کر ہزار جان

یہ نقش ... کے اضافہ کے ساتھ ... ہی چال سے

فریفتہ وشیدا ہو جاتا ہے۔ اس کے اثر سے جو دوست اور محبوب ناراض ہو گیا ہو اور کئی منتوں سماجتوں یا حیلوں بہانوں سے ماننے میں نہ آتا ہو۔ اس کے لئے نہایت ہی عمدہ جادو کا اثر رکھنے والے ہیں ذیل کا نقش روٹھے ہوئے یا سنگدل محبوب کو ایک پہر کے اندر اندر حاضر کرتا ہے بڑا ہی سریع الاثر نقش اس کو لکھنے سے پہلے عامل کو چاہیئے کہ نہا دھو کر پاک صاف ہو کر صاف ستھرا لباس پہن کر لکھے اگر ناپاکی کی حالت میں اس کو لکھے گا یا اپنے پاس رکھے گا تو نہ صرف نقش کا اثر جاتا رہے گا بلکہ خود اس کو بھی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے نقش مبارک یہ ہے:

عزرائیل ۷۸۶ جبرائیل

۱۲۰	۳۲	۴۰	۸۰
۴۸	۷۲	۱۲۸	۲۴
۹۶	۵۶	۱۶	۱۰۴
۸	۱۱۲	۸۸	[illegible]

اسرافیل ۲۷۲ ۳۴۵ میکائیل

۱۰۲

(دائیں جانب) مطلوب اور اس کی ماں کا نام

(بائیں جانب) طالب اور اس کی ماں کا نام

نقش رکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ قمری مہینہ کے آغاز میں پیر کے روز صبح کے وقت نہاوے اور پھر مغرب کی طرف منہ کرکے دو زانو ہو کر بیٹھ جاوے اور پھر ایک سو آٹھ مرتبہ ذیل کا نقش لکھ کر آٹے کی گولیاں جس میں کہ تھوڑا سا گڑ اور شکر بھی ملا ہوا ہو ان نقشوں کو گولیوں میں باندھ کر دریا میں مچھلیوں کو ڈال دے اور ۲۱ روز تک اپنے عمل کو جاری رکھے۔ جب اکیسویں روز اپنے عمل کو ختم کر کے گھر پر آوے۔ اور آتے ہی بغیر کسی سے بات چیت کئے غسل کرے پھر کسی مٹی کے کورے برتن میں دودھ اور چاولوں کی کھیر پکاوے۔ اور اس میں گھی اور کھانڈ اور میوہ وغیرہ ڈالے۔ یہ سب اشیاء وزن میں ایک جیسی ہونی چاہیئے۔ اور اس کے ساتھ ایک سفید رنگ کا مرغ بھی لے لے۔ ان اشیاء کو لے کر پھر اسی روز دریا پر جاوے مگر اس بات کا خاص خیال رکھے کہ رستہ میں آتے اور جاتے وقت اس روز کیا بلکہ جس روز سے عمل شروع کرے کسی سے بات چیت نہ کرے۔ جب گھر واپس آکر پھر دوبارہ نہا دھو کر کچھ چیز خود نہ کھالے۔

FREE ... BOOKS

جس وقت ان سب اشیاء کو لے کر دریا پر پہنچ جاوے تو وہاں جا کر بلند آواز سے پہلے تکبیر پڑھے ۔ پھر اس مُرغ کو ذبح کرے اور پھر ان سب اشیاء پر موکلوں کا فاتحہ پڑھے بعد میں پھر اور نقش لکھے اور میں تو پہلے روٹی کی آٹے اور گولیاں بنا کر دریا میں مچھلیوں کو ڈال دیوے ۔ اور ایک نقش حفاظت کے ساتھ اپنے پاس رکھے اور ان اشیاء کو جو ساتھ لے کر گیا تھا سب کو بمعہ ذبح شدہ مرغ کے زمین میں دفن کر دیوے ۔ کیونکہ یہ کسی کے کھانے کی چیز نہیں اگر کوئی ان چیزوں کو کھا لے گا ۔ تو وہ پاگل اور بڑی سوائی ہو جاویگا اور عامل کا کام بھی ہونے سے رہ جاویگا بلکہ اس کے عمل کا سارا اثر جاتا رہے گا اور پھر اپنے مکان پر آکر اس باقی ماندہ نقش کو سونے چاندی تانبا یا کسی سرخ رنگ کے ریشمی کپڑے میں باندھ کر اپنے داہنے بازو باندھے مگر یہ خیال رکھے کہ نہانے وقت نقش بھیگ جاوے اور اس بات کا بھی خیال رکھے کہ اس نقش کو کسی نجس جگہ پر نہ لے جاوے اور ناجائز محبت کے واسطے اس استعمال نہ کرے ورنہ نقصان اٹھائیگا ۔ نقش لکھنے وقت

اور دوران عمل میں اور بازو پر باندھتے وقت تصور ہر وقت اپنے محبوب کا دل میں رکھے۔ تو محبوب تھوڑے ہی عرصہ کے خواہ ہزار کوس پر بیٹھا ہو فوراً حاضر ہو جاوے گا۔ اگر اتنی جلدی خود نہ پہنچ سکیگا۔ تو اس کے آنے کی کوئی اطلاع آجاویگی۔ اگر وہ نہ آوے گا۔ تو جس جگہ ہوگا وہیں پر اسے خفقان ہو جاوے گا۔ نہایت اکسیر اور کارآمد نقش ہے اور فقراء کا تجربہ شدہ ہے۔

اُلفت و مُحبّت کیلئے بے نظیر نقش

عامل صاحبان: یہ وہ نقش ہے جو کہ اپنی کرامات چند لمحہ کے اندر ظاہر کرتا ہے۔ اس کو جو شخص اپنے محبوب کا تصور باندھ کر اپنے پاس رکھے اس کا مطلب فوراً جس جگہ بھی ہوبے تاب ہو کر فوراً اپنے طالب کے پاس حاضر ہو گا۔ تابع فرمان ہو صحیح اور تجربہ شدہ نقش ہے۔ اس کے لکھنے کے چار طریق ہیں۔ جو کہ ذیل میں درج کئے جاتے ہیں

FREE AMLIYAAT BOOKS

۱- پہلا طریقہ اس نقش کے عمل کرنے کا یہ ہے کہ اس نقش کو پاک صاف ہو کر صاف ستھرے کپڑے پہن کر کسی جنگل میں جا کر یا اپنے مکان کے بالاخانے پر بیٹھ کر اس کو کسی کورے کاغذ پر لکھ کر شہد اور کسی خوشبودار عطر میں تر کر کے کسی پاک صاف روئی میں لپیٹ کر اُس کی بتی بنا لیں پھر مٹی کا ایک کورا چراغ لیکر اور کوئی خوشبودار تیل اس میں ڈال کر اس بتی کو روشن کریں۔ چراغ کا منہ اپنے مطلوب کے مکان کی طرف رکھیں اور تصور اپنے محبوب کا باندھیں اور اس چراغ کے پاس سے آٹھ دن تک نہ ہلیں اور نہ ہی چراغ کو بجھنے دیویں۔ محبوب بیقرار ہو کر آویگا۔ اور پھر تا زندگی ایک لمحہ بھی طالب سے علیحدہ ہونے کا نام نہ لے گا۔ بلکہ اُلٹا عاشق ہو کر اپنے طالب پر ہزار جان سے شیدا و فریفتہ ہو جاوے گا۔ نہایت ہی اکسیر اور مفید نقش ہے۔

۲- دوسری ترکیب اس نقش کے لکھنے کی یہ ہے کہ اپنے محبوب کا تصور با تدحہ کر طالب پاک و صاف ہو کر نہا دھو صاف ستھرا لباس پہن خوشبو سے معطر ہو کر کسی مادہ

بکری کا جو کہ سفید رنگ کی ہو۔ سالم شانہ لے کر اس کے اوپر اس نقش کو کندہ کرائے پھر اس کو شہد میں تر کر کے ایسی جگہ پر جہاں کہ آگ جلتی ہے یعنی چولھا۔ بھٹی۔ تنور میں دفن کر دیوے تو محبوب فوراً حاضر ہو کر تابع فرمان ہو اور طالب کی محبت میں بیقرار ہو جاوے۔

۳۔ تیسری ترکیب میں عامل صاف و پاک ہو کر اپنے محبوب کا تصور باندھ کر اس کے مکان کی طرف منہ کر کے کسی چینی کی پلیٹ یا پیالی میں اس نقش کو کیسر اور عرق گلاب کے ساتھ لکھ کر کسی چولھے، بھٹی یا تنور کے نیچے دبا دیوے۔ اس کا محبوب خواہ کتنا ہی سنگدل کیوں نہ ہو۔ فوراً بیتاب ہو کر حاضر خدمت ہو جاوے۔

۴۔ چوتھی ترکیب بھی بالکل آسان ہے یعنی عامل صاحب حسب دستور پاک صاف ہو کر بغیر کسی سے بات چیت کئے ایک کاغذ پر کیسر کستوری کے ساتھ اس نقش کو لکھے پھر ایک کورا کوزہ مٹی کا لے کر اسے گلی میں رکھ کر اس میں وہ نقش اور تخم [illegible] ڈال کر [illegible] کو کوئلے یا آگ میں رکھ دیوے محبوب اس کا [illegible] سے شیدا و فریفتہ ہو کر حاضر ہوگا۔

یا ہے عجیب و غریب تاثیر کا مالک ہے اور عاشق کو
حیران کر دینے والی چیز ہے۔ نقش یہ ہے۔

۱۱	۱۸	۱۸ھ	۱۱	۱۸	۸
ء	۱۱	۹	۳	۱۸	۱۱ھ
۱۱۱	۱۹	اء	۱۱۹ء	۱۱۱	۱۱ھ
۱۱	۲۱	ع	اعم	۱۱۹	ء ۱۱
ھ	۱۹	لاھ	۹۱		۱ء۱۲
۱۸	لاو	۱۱	عم	۸۱	۸

۵۸ الساعۃ

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

دیگر

اگر کسی شخص کا دوست ناراض ہو گیا ہو اور وہ کسی
سے تر مانتا ہو یا کسی کا کوئی مطلوب بڑا سیلے رحم اور
بجو ہزار ہا منتوں اور ترکیبوں کے بعد بھی موم نہ
ہو۔ بلکہ آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھتا ہو تو طالب
پنج شنبہ اتوار کے روز علی الصبح اٹھ کر ایک نر چڑا

ذبح کرے اور اس کا خون ایک برتن میں ڈال دے پھر
پاک صاف ہو کر اپنے محبوب یا دوست کا تصور باندھ کر
اس کو لکھے اور پھر اسی وقت اس میں ریشم سرخ کا دھاگا
باندھ کر کسی اونچے درخت کی شاخ سے باندھ دیوے او
نقش کو ہوا میں چھوڑ دیوے خواہ کتنے ہی سالوں کا محبوب
ناراض کیوں نہ ہوا ہو فوراً بیتاب ہو کر حاضر ہوگا۔ اور
پہلے سے بھی زیادہ محبت سے پیش آوے گا۔



دیگر

اگر طالب کسی جانتے اتوار کے روز مندرجہ ذیل نقش
تمام یا جمعہ کی روٹی پر لکھ کر کسی کتے کو وہ روٹی کھلا دے
تو جس وقت تک بھونکے گا اس کا مطلوب فوراً بیتاب

ہو کر طالب کے قدموں میں حاضر ہوگا اور پھر لحہ بھر کے لئے بھی جُدا ہونا گوارا نہ کر سکے گا۔ تازندگی بے دام غلام ہوگا۔ اگر مطلوب مرد ہے تو کتے کو روٹی کھلانی چاہئے اگر مطلوب عورت ہے تو وہ روٹی کسی کتیا کو کھلانی چاہئے دوسری بات یہ ہے کہ اگر کتیا یا کتا مطلوب کے اپنے گھر کا یا گلی کا ہوگا تو بہت جلد ہی یہ نقش اپنا اثر دکھائیگا۔

نقش یہ ہے۔ لاع بدع لاع حم حاھمد

دیگر

اس نقش کو اتوار کے روز جبکہ مشتری کی ساعت ہو مشک اور زعفران و گلاب تینوں اشیاء کو ملا کر کسی ایک صاف کاغذ پر لکھیں اور پھر کسی صاف روئی میں لپیٹ کر بتی بنا کر کسی کورے چراغ میں خوشبودار تیل ڈال کر روشن کریں چراغ کا منہ اپنے محبوب کے مکان کی طرف رکھیں محبوب فوراً حاضر ہوگا۔ مگر یہ خیال رہے کہ جب محبوب آئے تو طالب اس کے ساتھ ہمکلام نہ ہو بالکل چپ رہے

تو محبوب ہزار جان سے فریفتہ و شیدا ہو کر تابع فرمان ہوگا دوسری صبح اس کے ساتھ ہم کلام ہو نقش یہ ہے۔

۱۱ط ۱۸۸۱ ۱۸۱ ۱۱۶ ۱۸۷ ۱۱۱۸۱۸ ۱۱ احمط ۱۱ای ۸۲ ۱۹

تام مطلوب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

اب ہم ناظرین کی خدمت میں وہ نقش لکھتے ہیں جن پر عمل کرنے سے انسان کی روزی۔ تجارت اور عزت میں برکت ہر قسم کی ہو۔ ۱

اور یہ نقش رزق میں ترقی کرنے کے لئے نہایت ہی اکسیر اور مفید اور تجربہ شدہ ہے جس شخص کے پاس یہ نقش ہوگا۔ اس کے کاروبار۔ بیوپار اور خرید و فروخت میں گوناگوں فائدہ ہوگا ایسا فائدہ آنے لگے کبھی اس کو نہ ہوا ہوگا۔ وہ دولت میں کھیلنے لگے گا۔ بڑا امیر و کبیر بن جاویگا الغرض اگر کسی جگہ پر ملازم ہے تو اس نقش کو پاس رکھنے سے اس کے مرتبہ اور تنخواہ میں بے بہا ترقی ہوگی جس کا اس کو

خواب و خیال تک بھی نہ ہو۔ اس نقش کے عمل کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ کسی اچھی ساعت میں کوئیں حوض۔ تالاب یا نہر کے کنارے پر جا کر پاک صاف ہو کر یعنی نہا دھو کر اگر نہا نہ سکے تو وضو کر لینا ہی کافی ہے۔ اگر عامل صاحب ہندو مذہب سے تعلق رکھتے ہیں تو پنچ اشنانہ کرے۔ پھر کسی خوشبودار سیاہی کے ساتھ اکتالیس مرتبہ لکھ کر آٹے کی گولیوں میں بند کر کے اس کو دریا حوض یا تالاب وغیرہ میں مچھلیوں کو ڈال دے۔ مگر ان میں سے ایک نقش اپنے پاس رکھ لے دوسرے روز پھر اسی طرح کرے اور یہ نقش تو مچھلیوں کو ڈال دے اور ایک اپنے پاس رکھے مگر پہلے روز والا نقش جو کہ اس نے اپنے داہنے بازو پر باندھا تھا۔ اس کو کھول کر خالی گولی بنا کر اس بھی ان یہ نقشوں کے ساتھ دریا میں پھینک دیوے دوسرے روز پھر ایک نقش لکھ کر اپنے بازو سے باندھ لے اور متواتر اسی طرح سے عمل کرے اور متواتر اٹھ دن تک یہی رکھے آخری دن جو نقش اپنے پاس رکھے اسے زعفران مشک لونگ کی دھونی دے کر تھوڑی کا دیر رکھ لے کر

اس کو خوشبو سے معطر کر کے اس میں نقش لپیٹ کر سونے چاندی تانبا میں مڑھا کر اپنے داہنے بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ خدا کے فضل سے اس کی برکت سے ہر ایک فیض یاب ہو گا۔ نقش یہ ہے :-



دیگر

اب ذیل میں وہ نقش درج کیے جاتے ہیں۔ جو کہ غضب کی تاثیر رکھنے والے ہیں ان نقوش کو جو شخص اپنے خزانہ والی پیٹی یا دوکان کے گلہ میں رکھے گا اس میں سے

کبھی دولت ختم ہونے میں نہ آوے گی۔ بلکہ روز بروز بڑھتی
جاوے گی۔ ان نقشوں کو بھی پاک صاف ہو کر کیسر کے ساتھ
لکھنا چاہئیے اور لکھ کر بعد ازاں زعفران ولوبان اور مشک و
گوگل وغیرہ کی دھونی دینی چاہیئے۔ اگر ہر روز صبح کو نہا دھو
کر ان نقوش کو دھونی دے دی جائے تو اور بھی اچھا ہے
اور جلدی اپنا اثر دکھاتا ہے۔

نقش نمبر ۱

یارحیم ۷۸۶ یاکریم

س	ت	日	▤
I	田	ت	س
ت	س	ط	≡
田	ط	س	ت

نقش نمبر ۲

س	ا	ع	س
س	ع	۲۴	صس
ا	ع	س	س
ع	صں	س	ا

دیگر

جس شخص کے پاس ذیل کا نقش ہو گا۔ اس کی دوکان
خواہ اجاڑ میں بھی کیوں نہ ہو۔ گاہک وہاں کھچے کھچے ہوئے
آئینگے اور سارا دن اسے کاروبار سے ہی فرصت نہ مل

بیکے گی۔ نہایت عمدہ اور کشائش رزق کے لئے تیر بہدف
نقش ہے۔ اس کو چاند یا سورج یا برہستی یعنی
مشتری کی ساعت میں علی الصباح نماز فجر ادا
کرنے کے فوراً ہی بعد سورج نکلنے سے پیشتر زعفران
اور عرق گلاب اگر ہو سکے تو کیسر و کستوری بھی ملا لیں
اور کسی کورے کاغذ پر یا اپنی دوکان کے دروازے کے
سامنے والی دیوار پر کندہ کر کے دھوپ اور زعفران
و مشک وغیرہ کی دھونی ہر روز دیویں اور پھر دیکھیں
کہ خدا غیب سے کس طرح روزی دیتا ہے۔ نہایت
ہی مفید اور نفع بخش ہے۔

نقش یہ ہے۔

یا فضل باری ۷۸۶ یا رحمان

۱۲۷	۱۳۰	۱۳۳	۱۲۰
۱۳۲	۱۲۱	۱۲۶	۱۳۱
۱۲۲	۱۳۵	۱۲۸	۱۲۵
۱۲۹	۱۲۴	۱۲۳	۱۳۴

دیگر

ناظرین! اگر مندرجہ ذیل نقش کوئی شخص اپنے روپے پیسوں والے غلے یا تھیلے یا جیب میں رکھے تو اسے روپے پیسے کی کبھی کمی نہ ہونے پائے اور اگر اس کو اناج کے بوبل میں رکھ دیا جائے تو اناج کبھی ختم ہی نہ ہو۔ جو شخص اس نقش کو اپنے کھیت میں دبا دیوے۔ اس کے کھیت میں فصل آگے سے کئی گنا زیادہ ہو مگر اس بات کا خیال رکھیں کہ اس کو کسی ناپاک جگہ پر نہ لے جایا جاوے۔ ورنہ اس کا اثر جاتا رہیگا اور اس کے عامل کو بھی پاک صاف ہو کر صاف ستھرا لباس پہن کر اس نقش کو لکھنا چاہیئے اور بعد میں اس کو دھوپ گوگل اور مشک زعفران کی دھونی دینی چاہیئے۔ اگر ہر روز دھونی صبح اٹھ کر نہا دھو کر دی جاوے۔ تو یہ نقش بہت جلدی اپنا کھا تا ہے۔

(نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمادیں)

FREE ... AMLIYAAT BOOK'S GROUP

نقش یہ ہے۔

۵۴۲ ۷۸۴ ۱۲

۴	لله	۱	۹
۴	ع	ع	۱۱
۱عہ	عہ	۱۳	عہ
۱۶	۳	۸	ععہ

جلب زر

صاحبان! ذیل کے نقوش بڑے پُرتاثیر اور حیرت کُن ہیں جو شخص ان نقشوں کو لکھ کر اپنے پاس بحفاظت رکھیگا اسے دولت کی کمی نہیں۔ مگر یہ نقوش صرف ان صاحبان کے واسطے ہیں۔ جو ہر وقت یادِ الٰہی میں مشغول رہتے ہیں۔ عابد و عارف و عامل ہیں۔ یا ان لوگوں کے لئے جو ہر وقت خلق خدا کی خدمت میں یا اپنے ملک و قوم کی خدمت کرنے میں لگے رہتے ہیں۔ جن کو اپنے اور اپنے اہل و اطفال کی روزی پیدا کرنے کے لئے وقت نہیں ملتا

چونکہ اپنے عیال و اطفال کی نسبت خلق خدا کو زیادہ عزیز سمجھتے ہیں اور ان کی تکلیف کو اپنی تکلیف سے زیادہ خیال کرتے ہوئے دوسروں کی خاطر تکلیف اٹھا لینا اچھا سمجھتے ہیں۔ ان کے واسطے یہ نقوش درج کئے جاتے ہیں۔ ان نقوش کی خاطر ہر وہ شخص جس کے پاس یہ نقوش ہوں ایک روپیہ روزانہ سے لے کر دس بارہ روپیہ روزانہ تک پیدا کر سکتا ہے۔ مگر اس میں شرط ہے کہ وہ شخص جو اس کو صرف اس وجہ سے حاصل کرے کہ مجھے کھانے کے لئے کم ملتا ہے۔ اس کو چاہئے کہ وہ اپنی ضروریات سے زیادہ برکت پیدا نہ کرے اگر اس کے پاس اپنی ضروریات کے علاوہ کچھ بچ جاوے تو وہ دوسرے غریب لوگوں میں تقسیم کردے یا اس کا کھانا لے کر بھوکوں کو کھلاوے۔ کفالت اور ناجائز اغراض کے لئے ان نقوش کو ہرگز ہرگز استعمال نہ کرے ورنہ نقصان اٹھاوے گا۔

ہدایات

مندرجہ ذیل نقوش کو ہر روز علی الصبح اٹھ کر نہا دھو کر کسی سفید کاغذ پر ۱۰۰ مرتبہ روزانہ لکھ کر ہر روز دریا میں ڈال کر آیا کرے اس طرح اکیس روز روزانہ عمل کرے

آتی دفعہ اور جاتی دفعہ کسی کے ساتھ ہم کلام نہ ہو اور دوران عمل میں گندم یا جَو کی روٹی کھاوے۔ نمک۔ گوشت وغیرہ ہرگز نہ کھاوے اگر نقش آٹے کی گولیوں میں باندھ کر دریا میں ڈالے تو اور بھی اچھا ہے۔ جب اپنے اس عمل کو ختم کر چکے تو بعد میں حسب ضرورت ایک نقش رات کے وقت لکھ کر اپنے سرہانے رکھ کر سو جاوے جتنے روپوں کی اسے ضرورت ہو گی رات کو غیب سے اس کے نیچے نقش کے پاس روپے پڑے ملیں گے۔ صبح اٹھ کر اٹھا لیا کریں۔

نقوش یہ ہیں

احب یا رقمائیل بحق یا باسط

۷۸۶

۲۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۳۲		۳۰

یہاں مطلوبہ رقم لکھے

احب یا رقمائیل بحق یا باسط

۷۸۶

۴	۸	۱
۲	۳	۶
۷		۵

یہاں تعداد مطلوبہ لکھے

١٤	٩	٣١	٥	
٢٣	١٤	١٥	٨	
١٢	٢٩	١١	١٩	
١٠	٢٠	١٢	٣٠	

ب	د	و	ج
ج	و	د	ب
د	ب	ج	ه
و	ج	ب	د

اسطقتا ج رزا فوقیم
٣٨٨٧٣١٩٩٣٩
٧٧٣٩١ ١٣٦١٩٨
٣٠٧١٩٧٧٨٣٩٠

نوٹ: ان نقوش میں سے کسی ایک نقش کو یا سب نقوش کو لکھ کر عامل دریا میں روزانہ پھینک آوے۔ جیسے اس کی مرضی کو۔

نقش برائے مفرور و غائب

اگر کسی شخص کا کوئی عزیز یا رشتے دار۔ دوست مترکہیں چلا گیا ہو یا گم ہو گیا ہو اس کا پتہ نہ ملتا ہو۔ یا کسی کی چوری ہو گئی ہو۔ اور چوری کا پتہ پولیس کے پتہ لگانے پر بھی نہ ملتا ہو۔ تو اس کو چاہیئے کہ پاک صاف ہو کر اپنے مقصود کا تصور باندھ کر ذیل کا نقش لکھ کر چرخہ سے باندھے اور کوئی کنواری لڑکی اس چرخہ کو چلاتی جاوے تب گمشدہ مفرور چور وغیرہ و اسباب خود بخود حاضر ہو جائے گا۔

٢٥٣	٢٦٧	٢٦٢	٣٥٩
٢٦٣	٢٥٨	٢٥٣	٢٦٠
٣٥٧	٢٦٠	٢٦٩	٣٥١
٢٨٦	٢٨٥	٢٥٦	٣٦١

نقش یہ ہے۔

FREE ... BOOKS GROUP

نمبر

طلسم نسواں

ناظرین پیشتر اس کے کہ ہم نے جتنے بھی طلسم ونقوش وغیرہ درج کتاب کئے ہیں وہ سب عورت ومردوں کے لئے یکساں لکھے گئے ہیں مگر ان میں عورتوں کے پوشیدہ امراض کی بابت ایک بھی نقش درج نہیں۔ جو کہ نہایت ضروری ہیں۔ اب ہم ناظرین کی خدمت میں صرف عورتوں کے متعلق چند ایک نقش رکھتے ہیں جن کے ذریعے ان کی ہر قسم کی بیماری اور تکلیف کا علاج کیا جاتا ہے۔ یہ نقش عورتوں کے واسطے نہایت اکسیر اور کارآمد تجربہ شدہ ہے۔ ضرور آزمائش کریں۔ اگر کسی عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو۔ یا ہر بار تیسرے یا چوتھے یا پانچویں مہینہ میں گر جاتا یا اگر بچہ پیدا بھی ہو۔ تو چند ماہ اڑھائی سال تک کا ہو کر فوت ہو جاتا ہو۔ عورت کے لئے اس سے بڑھ کر اور کوئی دکھ نہیں۔ جس دکھ کی خاطر عورت کے لئے اپنا سب کچھ قربان کرنے کو تیار ہو جاتی ہے لوگ ہزاروں روپیہ اس بات کی خاطر دھوکوں، تعویذوں، حکیموں، ڈاکٹروں کو دے دیتے ہیں تاکہ ہماری اولاد زندہ رہے یا ہماری عورت کا حمل ٹھہرے

...ض اوقات کسی کو فائدہ ہو بھی جاتا ہے۔ مگر بعض بیچاری کمزور
...رتیں تو اسی مرض میں مبتلا صرف علاج مکمل طور پر نہ ہونے کی وجہ
... اس دنیا سے راہی ملک عدم ہو جاتی ہیں۔ اس لئے ہم ان ناتوان
...وں کی خاطر یہ چند ایک نقوش یہاں درج کر دیتے ہیں۔ تاکہ خاص
...عام ان نقوش سے فائدہ اٹھا سکیں۔ پس جس عورت کے
...ل نہ ٹھہرتا ہو یا بچہ ہو کر فوت ہو جاوے اس کو چاہئے کہ کسی
...کی سی ساعت میں نہا دھو کر پاک صاف ہو کر اس بات کا
...ل رکھے کہ پاک صاف ہوتے وقت اگر سر دھوئے تو جب
...ک اپنے بالوں کو اچھی طرح نہ سکھائے اس پر عمل نہ کرے جب
...ے جاویں تو اپنے بدن پر صاف ستھرے کپڑے زیب تن کر کے
...تختی چاندی کی بنوائے (۳۱) تختی کے اوپر ذیل کا نقش کندہ کرو
...ت بھی کمر پر باندھے تو پھر کبھی اس کا حمل نہ گرے گا۔ خواہ وہ

۳۵۵۱	۳۵۳۲	۳۵۲۰	۳۵۱۷
۳۵۲۱	۳۵۱۶	۳۵۱۲	۳۵۲۳
۳۵ (۲	۳۵۱۸	۳۵۳۵	۳۵۱۲
۳۵۳۲	۳۵۱۸	۳۵۲۲	۳۵۱۶

... کی ... منزل ...
... کا ... کبھی
... ہوا ... دل
... ہوا ...
... ہے

دیگر

ناظرین! یہ نقش ان عورتوں کے واسطے ہے جن کو ہر تیسرے ماہواری اس کے حیض کا خون بہت زیادہ آتا ہو۔ یا رُک رُک کر آتا ہو یا درد سے آتا ہو۔ یا حمل قائم نہ رہتا ہو اس کو چاہیئے۔ کہ کسی اچھی سی ساعت میں علے الصبح اُٹھ کر نہا دھو کر اپنے خدا یا پرماتما کو یاد کر کے ذیل کا نقش ایک پان کے خالی پتے پر لکھ کر کھالے فوراً شفا حاصل ہو۔ اگر مرض میں کوئی کمی رہ جاوے تو پھر دوبارہ اسی ساعت میں یہ نقش پان کے پتے پر لکھ کر کھاوے تو کرا آرام ہو۔ نقش یہ ہے۔



دیگر

جس عورت کے گھر میں لڑکا نہ ہوتا ہو یا ہو کر مر جاتا ہو۔ یا صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں۔ تو اس عورت کو چاہیئے۔ کہ ذیل کا نقش کسی اچھی ساعت میں سوموار جمعرات اور جمعہ

ے روز مشک اور زعفران اور کستوری کے ساتھ لکھ کر دل میں
عور اپنے مقصد کا باندھ کر اس کو دودھ میں گھول کر خود بھی
پئے اور اپنے خاوند کو بھی پلا دے اور تین دن تک یعنی تین
دن میں دودھ پیویں۔ آپس میں مرد عورت مقاربت کریں۔

خدا کے فضل
کرم سے دراز
مرتک پادیں
نیز بہدف
زود اثر نقش
نقش یہ ہے



دافع آفات بچگان

مندرجہ ذیل نقش اعظم کو کوئی عورت لکھوا کر اپنے گود کے
بچے کے گلے میں چاندی کی تختی میں کندہ کرا کر ڈال دیوے تو بچہ کو
آسیب۔ چیچک۔ خسرہ۔ ام الصبیان۔ تشنج۔ مرگی

بڑی بیماری ہے۔ بس جس عورت کے بچے کو یہ امراض ہو جاویں اس کو چاہیئے کہ اس نقش کو لکھوا کر اس کے گلے میں چاندی یا سونے کی تختی بنوا کر اس کے اوپر یہ نقش کندہ کر کے ڈال دیوے۔ بچہ ہر آفات سے محفوظ رہے گا۔ بلکہ یہاں تک کہ ..رت تکلیف اٹھاتی پڑتی ہے۔ اس نقش کے اثر سے اس کو کبھی تکلیف کسی موقعہ پر کسی بچے کو خدانخواستہ ہو بھی جاوے تو اس کی ماں کو چاہیئے کہ یہی نقش جو اس کے گلے میں ڈالا ہو کہ ہے تازہ پانی یا عرق گلاب میں اس نقش کو حل کر کے وہ عرق بچے کو پلاویں اگر تکلیف زیادہ ہو تو تین دن تک پلاویں۔ اگر تکلیف کم ہو تو صبح و شام پلا دیویں نقش لکھنے کی ترکیب یہ ہے کہ مشرق کی ساعت یعنی پیتیسیتی کا دور شروع ہو۔ اس وقت خالص چاندی کی ایک پیچوترہ شکل کی تختی تیار کرا دے اور پھر اسی ساعت کے ..ے ذیل کا نقش کندہ کر کے اس کو دھوپ، مشک اور زعفران کی دھونی دے کر بچے کے گلے میں ..ال دیوے۔ بچہ ہر آفات سے محفوظ رہے گا

(نقش صفحہ ۱۰۳ پر دیکھیں)

۳۵۱۱	۳۵۲۳	۳۵۲۰	۳۵۱۷
۳۵۲۱	۳۵۱۶	۳۵۱۲	۳۵۲۲
۳۵۱۴	۳۵۱۸	۳۵۳۵	۳۵۱۳
۳۵۲۴	۳۵۲۴	۳۵۱۴	۳۵۱۹

نقش برائے دفع آسیب

کسی شخص کو آسیب وغیرہ کا سایہ ہو۔ یا کسی پر جادو کیا
بھوت پریت چمٹے ہوئے ہوں یا اُن کا اثر وغیرہ
جس سے گھر کے سب افراد تکلیف میں ہوں۔
کرنے کے بعد بھی یہ سحر دُور نہ ہوتا ہو تو اُس کو چاہیے
درج ذیل نقش جو کہ اس کام کے لئے نہایت مجرب
ہے اور کسی مکان میں بھوت پریت رہتے ہوں۔
تنگ کرتے ہوں یا اگر کسی مکان میں آسمان
سے پتھر گرتے ہوں۔ جس سے گھر والے تمام
پریشان رہتے ہوں۔ ان کو چاہیے کہ ذیل کا

نقش کسی اچھی سی ساعت میں ہُد ہُد کے پتے کا عرق نکال کر ہرن کی کھال کے اُوپر اُلو کے داہنے پَر کے ساتھ لکھ کر گھر میں ایک بانس گاڑ کر اس کے ساتھ لٹکا دے یا اس آدمی کے گلے میں پہلے گوگل اور لوبان مشک کی دھونی دے کر باندھ دیوے جس آدمی کو آسیب وغیرہ کا سایہ ہے۔ انشاء اللہ تمام تکالیف دُور ہوں گی۔

نقش یہ ہے

۷	۱۰	۳	۱
۱۲	۱۱	۸	۶
۹	۵	۴	۲

دیگر

اگر کسی مکان میں بھوت پریت یا آسیب وغیرہ رہتے ہوں یا ان کا اثر اس مکان میں ہو یا بال بچے اور خوتنیں ہر وقت ڈرتی رہتی ہوں جس کی وجہ سے تمام افراد خوفزدہ یا بیمار رہتے ہوں تو ان کو چاہیئے کہ ذیل کا نقش لیسرنے ساتھ ونجیل اور ہُد ہُد کے پتہ کا عرق نکال کر اس کے ساتھ ہُد ہُد جانور کے داہنے پَر کی قلم بنا کر اس مکان کی دیوار پر لٹکا دیوے تو تمام بھوت پریت اور آسیب وغیرہ

فوراً وہاں سے نکل جاوینگے۔ اور کبھی اس مکان کی
طرف رُخ نہ کرینگے۔ نقش یہ ہے۔

لعلقیثا۔ مکسلیثا۔ کشفوطط۔ اذر۔ کشافطیونس۔
یدونس۔ یوانس۔ بونس۔ کلبھم۔ قطمیر۔

نوٹ:۔ اسم لکھ چکنے کے بعد اس کو گوگل اور لوبان
کی دھونی دیوے۔ نقش پاک صاف ہو کر کسی چاندنے اتوار
کے روز علے الصبح ہی لکھنا چاہیئے۔

دیگر

اگر کسی مرد عورت یا بچے کو سایہ نظر بد یا آسیب وغیرہ
ہو جس کے باعث گھر کے تمام افراد پریشان رہتے ہوں
کسی علاج اور تعویذ گنڈوں سے بھی فائدہ نہ ہوا ہو تو
اس کو چاہیئے کہ اس نقش کو اُلو کی داہنی آنکھ کا عرق نکال
اور ہرن کے پتے کا عرق نکال کر دونوں کو ملا کر بہت جمعہ
وار کے روز علے الصبح کسی زرد رنگ کے ریشمی کپڑے پر
لکھ کر سونے یا چاندی کے تعویذ میں مڑھا کر اس کے دائیں
بازو پر گوگل اور لوبان کی دھونی دے کر باندھیں تمام آسیب

اور سایہ وغیرہ دُور ہو جاوے گا نقش یہ ہے اس کو پندار یہ نقش کہتے ہیں جو کہ تمام نقشوں کا سرتاج ہے اور ہر مذہب والے اس کو متبرک و مقدس خیال کرتے ہیں۔

نقش یہ ہے

۶	۱	۸
۲	۹	۴
۷	۵	۳

دافع سحر

جس کو کسی نے سحر کیا ہوا ہو یا اگر کسی نے دشمنی کر کے کسی کو بیمار کر دیا ہو۔ تو اس کو چاہیئے کہ وہ ہر کانت سے خوفزدہ رہتا ہے یا بکواس کرتا رہتا ہے یا نازیبا حرکات ہر وقت کرتا رہتا ہے۔ تو ذیل کا اسم جو کہ دو حصّوں پر منقسم ہے کسی سے لکھوالے یا اس کے رشتہ داروں کو چاہیئے کہ وہ یہ نقش کسی چلتے اتوار کے روز صبح کی نماز کے وقت نورا پاک صاف ہو کر لکھیں اور ان دونوں نقشوں کے دوسری طرف یعنی پشت پر مندرجہ ذیل عبارت لکھیں کر پھر سات کنوئیں کی یا دلیوں کا پانی لا کر ان کو ایک جگہ ملا کر ان نقوش کو اس پانی میں ڈال

کر پانی کو جلتی آگ پر رکھ دیں اور آگ روشن کریں جب پانی اچھی طرح سے گرم ہو جاوے تو اُتار کر کچھ ٹھنڈا کریں مگر بالکل ٹھنڈا سرد نہ ہونا چاہیئے پھر اس پانی کو دو برتنوں میں ڈال لیں۔ اور دو آدمی آسیب زدہ شخص کو اُٹھا کر کسی بڑے برتن میں ڈالتے جاویں اور تصور آسیب کا دل میں رکھے کہ یہ دور ہو جاوے جب پانی ختم ہو جاوے تو پاؤں کے نیچے اس پانی کو نہ آنے دیں۔

(نوٹ) ذیل کی آیت وہ دونوں آدمی جب پانی ڈالیں تو ساتھ ساتھ پڑھتے جاویں آیت یہ ہے:-

فلما جاء السحرۃ سے عمل المفسدین تک (پارہ ۱۱ رکوع ۱۲)

نوٹ سان دونوں نقشوں کی پشت پر یہ اسم لکھے اقسمت علیکم یا میں قاش

یا عزرائیل ۵۰۶ یا جبرائیل

[illegible]	[illegible]	۲۲۳ ۱۱۱	[illegible]
[illegible]	۲۲۳ ۱۱۱	[illegible]	۲۲۳ ۱۱
۳۳۳	[illegible]	۲۲۳ ۳۳	[illegible]
[illegible]	۲۲۳ ۱۱۱	[illegible]	۱۱۲

یا اسرافیل ۷۸۶ یا لوطائیل

	۹/۹	۹۱۴	۹۱۷
	۹۱۸	۹۲۰	۹۲۵
	۹	۹۱۶	۹۹۱

طلسم بدنی یا دافع امراض جسمانی

ناظرین! دنیاوی کاموں اور آسیب وغیرہ کے نقشہائے طلسماتی کے بعد اب ہم آپ کی خدمت میں بدنی یعنی جسمانی طلسم پیش کرتے ہیں جن پر عمل کرنے اور استعمال کرنے سے انسان کی ہر جہلک اور موذی سے موذی امراض کا بھی جلدی خاتمہ ہو جاتا ہے۔ اگر ان نقشوں پر مقررہ ہدایات کے مطابق عمل کیا جائے تو انسان کو کبھی کوئی مرض جسمانی تکلیف نہیں دے سکتا۔ بڑے اکسیر اور تیر بہدف نقش ہیں اور علماء وفقراء کے آزمائش شدہ ہیں۔

اگر کسی شخص کے منہ سے خون آتا ہو۔ یا تپدق و سل کے مرض میں مبتلا ہو۔ یا بلغم و جذام کے مرض میں پھنسا ہوا ہو پرانے سے پرانا مرض ہر قسم و دیگر امراض جسمانی ہوں جن کی وجہ سے آپ سینکڑوں حکیموں اور ڈاکٹروں کے پاس جا جا کر بے بہا دولت کو کوڑیوں کی طرح لٹا بیٹھے ہوں مگر مرض میں کمی نہ ہوتی ہو۔ آپ زندگی تک سے بیزار

ہو گئے ہوں نہ دن کو چین نہ رات کو آرام ہو۔ بلکہ گھر والوں اور رشتہ داروں کو کھانا پینا اور سونا بھی آپ کی وجہ سے حرام ہو رہا ہو۔ ہر طرف مایوس اور ناامید ہو چکے ہوں یا آپ کے گھر میں آپ کی عورت کو یا دیگر عورتوں کو مہلک اور پوشیدہ امراض لگی ہوئی ہوں تو ہمارے اس نقش کو بالکل پاک و صاف ستھرا لباس پہن کر کسی اچھی سی ساعت میں علے الصبح نماز فجر کے بعد لکھ کر پانی یا عرق گلاب و زعفران میں گھول کر روزانہ چالیس یوم تک مریض کو پلاویں۔ انشاء اللہ مریض بہت جلد شفایاب ہوگا اور آپ کو دعائیں دیگا۔ اس نقش میں سینکڑوں برکات بھری ہوئی ہیں جو کہ آپ کو استعمال کرنے سے معلوم ہونگی۔ یہاں صرف تھوڑی سی معلومات درج کی گئی ہیں۔ نقش اکسیر اور آزمائش شدہ ہے۔

سورۃ اخلاص

۷۸۶

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۶	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۴
۲۴۵	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۶	۲۵۷

۲۴

دیگر

یہ نقش بڑا ہی مقدس اور متبرک ہے انسان خواہ کسی بھی مرض میں کیوں نہ پھنسا ہوا ہو۔ اس نقش کو چار دن تازہ پانی یا عرق گلاب میں دھو کر پلا دیا جاوے تو خدا کے فضل سے تمام امراض جسمانی سے آرام پاوے۔ اس نقش کو بالکل پاک صاف ہو کر کیسر اور کستوری کو گلاب کے عرق میں حل کر کے لکھے اور پھر زعفران و مشک کی دھونی دلوا دے۔ بعد میں مریض کو عرق گلاب میں دھو کر پلا وے۔ چار روز کے اندر اندر بحکم خدا اشفا کلی ہو۔ نقش یہ ہے۔

بسمہ	۱	ع ع	سہ
۱۹	۱۱	۲۹	۲
۸	۲۸	۳	۳۹
۴	۳۱	۹	۲۲

اسم اعظم

ناظرین! اس نقش کی تعریف کرنے کے لئے ہمارا ہی قلم

اور زبان میں طاقت نہیں۔ جو شخص اسم اعظم کو استعمال کرتا
ہے۔ اسی کو اس کی عظمت کا پتہ لگتا ہے۔ عارفان و عابدان
خدا بزرگ ہائے کہنہ حضرت ذوالنورین مصریؒ و حضرت امیر
علیہ السلام و حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اس متبرک
اسم اعظم کی بابت اپنی کتابوں میں بہت ہی بڑھ چڑھ کر
تعریف لکھی ہے۔ یہ اسم جس کے پاس ہو گا اس کو کبھی
کوئی آفت۔ وبا خوف نہ آئے گا۔ بلکہ سوائے موت
کے ہر قسم کی مصیبت جو کہ انسان کے سر پڑ جاوے اس اسم
کی برکت سے فوراً کافور ہو جاتی ہے اگر بیمار کو دھو کر
پلا دیں یا اس کے گلے میں یا بازو پر باندھ دیں تو مریض
کو جلدی شفا حاصل ہو۔ اگر اس کو اپنی خزانے والی پیٹی میں
یا جنس و مال میں رکھیں تو خزانے اور مال میں بھی کمی واقع
نہ ہو۔ گھر میں دیوار پر لگا دیں یا لکھیں تو وہ مکان آگ
یا اور آسیب وغیرہ سے محفوظ رہے۔ اگر کشتی میں بیٹھے
وقت اپنے پاس رکھیں تو کشتی غرق نہ ہو۔ کسی کو زیر
یا حاکم کو نرم کرنا۔ مقدمہ میں جیت ہو گی۔

نوٹ: جس شخص کے پاس یہ نقش ہو۔ اس کو نجاست ناپاکی

اپنے جسم سے اس کو علیحدہ کر دینا چاہیئے بعد میں پھر پاک صاف ہو کر اس اسم کو حفاظت سے اپنے پاس رکھ لینا چاہیئے۔

ترکیب اس کے بنانے کی یہ ہے کہ کسی اچھی سی ساعت میں علی الصبح اٹھ کر حاجات ضروریہ سے فارغ ہو کر پاک صاف ہو۔ اور صاف ستھرا لباس پہنے بدن اور کپڑوں کو معطر کرے خدا کی پرستش کر کے اپنی تمام آفات کے دافع کا تصوّر رکھ کر اس نقش کو کیسر و کستوری اور عرق گلاب ملا کر انار کے درخت کے قلم سے لکھے اگر اس نقش کو پہلے ایک سو آٹھ مرتبہ اسی طرح روزانہ لکھ کر اکیس دن تک آٹے کی گولیاں بنا کر دریا یا تالاب یا نہر میں مچھلیوں کو ڈالے اور پھر اکیس روز گھر آ کر بغیر کسی کے ساتھ بات کیئے چاول اور گندم کی روٹی پکا کر غریبوں کو تقسیم کرے پھر وہ نقش لکھ کر ایک ایک کو حفاظت سے اپنے پاس رکھے اور ایک کو اپنے روپے پیسوں والی صندوقچی میں رکھ دیوے اور پھر خدائی برکات کا ملاحظہ فرماویں انشاء اللہ تھوڑے ہی دنوں میں گھر بھر نہ ہو جائے تو کہیں۔ بڑا اکسیر تیر بہدف

در تجربہ شدہ اسم ہے۔ نقش یہ ہے۔



نقش برائے دفع بواسیر

اگر کسی شخص کو خونی و بادی بواسیر ہو جس کے باعث اسے سونا بیٹھنا کسی کے پاس کھڑے ہونا بھی دوبھر معلوم ہوتا ہو باوجود کئی علاج کرنے کے بھی اسے آرام حاصل نہ ہوتا ہو تو اس کو چاہیے کہ کسی ساعت اور روز عمل السعید پاک صاف ہو کر ایک چاندی کا پترا بنوائے اور اس پر ذیل کا نقش کندہ کرائے اور پھر اس پترے کی

چوڑی بنوائے۔ اس چوڑی کو اپنے داہنے ہاتھ میں باندھ لے
بواسیر کا مکمل آرام ہو جائے گا۔ اور مسّے وغیرہ تمام خشک ہو کر
جھڑ جاویں گے۔ نہایت اکسیر اور تیر بہدف نقش ہے۔





دیگر

اگر کسی شخص کو دھرن پڑتی ہو یعنی جھیتہ دو جھیتہ کے بعد
ناف ڈھل جاتی ہو جس کے باعث اسے تکلیف کا سامنا
کرنا پڑتا ہو۔ کیونکہ یہ بھی ایک بڑی نامراد مرض ہے جس کو
لگ جاتی ہے اس کو کھانا پینا، چلنا، پھرنا۔ کھڑا ہونا مشکل
ہو جاتا ہے۔ بلکہ بار بار پاخانوں کے آنے سے انسان بالکل
نحیف اور کمزور ہو جاتا ہے۔ اس لئے ایسے مریضوں کو چاہئے
کسی کنواری لڑکی کے ہاتھ سے سوت کے سات دھاگے

دیگر

اگر کسی عورت یا شخص کو پرانی سے پرانی تپ دق ہو یا کوئی مرض ہو جس کے باعث رات کو خود آرام نہ کر سکے اور نہ دوسروں کو سونے دیوے یا کسی کو باسور یا سوداء وغیرہ امراض نے گھیر رکھا ہو۔ اس کو چاہیئے کہ اتوار کے روز صبح کے وقت پاک صاف ہو کر ذیل کا نقش دو کاغذوں پر لکھے۔ ایک کو تو پانی میں گھول لیا کرے۔ چند دنوں کے اندر مرض سے نجات حاصل کرے۔

حبیب رضا

نقش یہ ہے

عہ ۵ لحہ سع عہ ۲۴ ۸ عسا عا

دیگر

اگر ذیل کا نقش لکھ کر کسی مریض کے گلے میں باندھ دیویں سونے یا چاندی یا تانبہ کے تعویز میں مڑھا کر مریض کے گلے میں ڈال دیں یا بائیں بازو پر باندھ دیویں۔ تو وہ شخص وبا و آفات سے محفوظ رہے بلکہ تا زندگی پھر

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

اس کو کبھی ایسا مرض لاحق نہ ہو۔ نقش یہ ہے۔
غنح ۔ نغشع ضلع ۔ سلع ۔ یح

برائے دفع مرگی

جس آدمی کو مرگی کا دورہ ہو جاتا ہو۔ اس کو ذیل کا نقش اگر کاغذ پر لکھ کر اسے کسی قسم کے تعویذ میں مڑھا کر مریض کے گلے باندھ دیوے۔ فوراً مرگی کا دورہ دور ہو جاوے اور برسوں کا مریض اس سے نجات حاصل کر کے تمام کو دعائے خیر دیوے۔ تجربہ شدہ تعویذ ہے۔

نزوع وفتروع ۔ خلق ولیقیق نے المحال ولذل
حدقبا توظن ۔ لمود ویذ دل عھن

برائے طحال

طحال کے لئے ایک اور مجرب اور تیر بہدف نقش ہے
اس کو اس طرح استعمال کرے ۔ کہ ایک کورا کپڑا لے

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

کاٹ کر اس کو سات تہ کر کے اس کے اوپر ایک کورا
کوزہ مٹی کا رکھ کر اس کے بیچ ذیل کا نقش کاغذ پر لکھ
کر ڈال دیوے۔ انشاء اللہ مریض کو جلد شفا ہو۔
نقش یہ ہے۔



دیگر

رضا

مندرجہ ذیل نقش خنازیر۔ کنٹھ مالا اور ورم گلو کے لئے
نہایت اکسیر و مجرب المجرب ہے اگر کسی شخص کو شدید درد
اور پھوڑے پھنسی خواہ کسی قسم کے ہوں تو اس نقش کے اثر
سے تمام تکالیف کو آرام بخشے اس نقش کو کسی کورے کاغذ پر
صاف ہو کر لکھے اور پھر نیلے رنگ کے ریشمی دھاگے
میں باندھ کر مقام تکالیف پر باندھ دیوے بحکم الہی سے
جلد شفا یاب ہووے۔ کیا اکسیر کارآمد نقش ہے
نقش یہ ہے

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks



ختم شد

آپ کی تقدیر آپ کے ہاتھ پر لکھی ہے

اس کے جاننے کا طریقہ ہم سے سیکھو انسانی ہاتھ پر جو
خط و خال ہوتے ہیں وہ بیفائدہ نہیں ہوتے ماہران علم پامسٹری نے
دیکھا ہے ایک شخص کے ہاتھ کو دیکھ کر اس کی تمام عمر کے حالات مثلاً عمر
مال کی ہے کس عمر میں بیماری یا تکلیف ہوگی عورت کیسی ملیگی شادی
ہوگی یا زیادہ اولاد ہوگی یا نہ ایک نظر میں معلوم ہو سکتا ہے
قسم قسم کے ہاتھوں کے نقشے درج ہیں۔ قیمت ۲ روپے

ملنے کا پتہ

ملک تاج الدین اینڈ سنز تاجران کتب کشمیری بازار لاہور

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks